نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ جنوری ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

درود شریف

تسدیس شمس وزحل

علم جفر

قمر کے پراسرار پہلو

چاند و سورج گرہن

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2018
ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت وشنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ھی ارسال کریں

شمارہ ہذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ہیں

علوم روحانی، دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

مینجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:- / ۶۵ روپے سالانہ چندہ:- / ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:- / ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:- / ۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:- / ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :- / ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۵

شمارہ نمبر ۹

ماہ جنوری ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر
فون نمبر: 021-34949944
021-32018699
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	حضرت محمد جلال الدین بکریؒ	۵
۳	حکایت	۷
۴	چاند و سورج گرہن	۸
۵	درود شریف	۱۰
۶	قمر کے پراسرار پہلو	۱۱
۷	جسمانی بیماریوں پر دماغ کے اثرات	۱۴
۸	علم جفر	۱۵
۹	کرامات	۱۷
۱۰	کلینڈر ماہ جنوری	۱۹
۱۱	کیا آپ کا برج جدی ہے؟	۲۰
۱۲	تسدیس زہرہ و زحل	۲۲
۱۳	تسدیس شمس و زحل	۲۲
۱۴	ماہ جنوری کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۵	ماہ جنوری کے ستارے	۳۴
۱۶	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۷	ایک موثر دن	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیاردیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	2600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزدُبر یجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	3500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	650.00
لیمون	LEMON OIL	30	550.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	1800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	450.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	22500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	2800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	3280.00
گٹھیااور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاءاورنسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ جنوری ۲۰۱۸ء

اسرار الٰہی

سب حمد اللہ تعالیٰ کے لئے ہے' ایسی حمد کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے اور مخلوق کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام ہو- آپ کے اصحاب وآل سے اور تمام اہلِ شروع اور اہلِ حال سے اللہ تعالیٰ راضی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلامتی ہو-

محترم' اللہ تعالیٰ کی طرف سلوک کی راہ میں زہد ہی پہلا قدم ہے' اس کام کی بنیاد تقویٰ ہے اور یہی اللہ تعالیٰ کا خوف ہے جو کہ حکمت کی جڑ ہے اور یہ سب خوبیاں تب ہی حاصل ہو سکتی ہیں کہ انسان امام الارواح والاشباح سید المکرم جناب رسول اللہ ﷺ کا اتباع کرے اور آپ کی سیرت طیبہ کے اتباع کے لئے پہلا مرحلہ یہ حدیث ہے- اِنّمَا الْاَعْمَالُ بِالنیات (تمام اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے)-

جناب رسول اللہ ﷺ کے اس فرمانِ عالیہ پر غور کیجئے کہ ایک آدمی نے عرض کیا- اے اللہ کے رسول ﷺ ایک شخص جہاد کا ارادہ کرتا ہے اور اس سے اس کا مقصود دنیاوی فائدہ ہے- جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا- ''اس کے لئے کوئی ثواب نہیں''- لوگوں کو یہ جواب بھاری محسوس ہوا- انہوں نے اس آدمی سے کہا' رسول اللہ ﷺ سے دوبارہ پوچھو' شاید تم سمجھے نہیں' اس آدمی نے عرض کیا' اے اللہ کے رسول ﷺ ایک آدمی اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کا ارادہ کرتا ہے' مگر اس کا مقصود دنیاوی فائدہ ہے- آپ نے فرمایا ''اس کے لئے کچھ ثواب نہیں''- اسے ثقات نے بیان کیا اور صحیح بتایا-

اس قسم کی روایات سے واضح طور پر ہم جان سکتے ہیں کہ نیت کے باعث اعمال کے نتائج اچھے یا برے ہوتے ہیں- اس لئے ضروری ہے کہ انسان صحیح نیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے اور تمام حرکات وسکنات میں غلط روی سے بچتا رہے- اس کتاب وسنت کے بعض متشابہات میں بھی اپنے عقائد کو درست رکھے- (یعنی کتاب اللہ' سنت رسول اللہ اور طریق صحابہ کرام پر گامزن رہے) اس لئے کہ متشابہات کے باعث بعض اوقات انسان کفر کی طرف جا نکلتا ہے- اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے- ھو اللّٰہ الذی لا الہ الا ھو ج عالم الغیب و الشھادۃ ج ھوالرحمٰن الرحیم (وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں' چھپی اور کھلی باتوں کا جاننے والا ہے' وہ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے- سورۃ الحشر ۲۲)

اور اگر اللہ تعالیٰ کے فضل کے بارے میں پوچھتے ہو کہ کیا کر رہا ہے' تو یہ آیت ہے- کل یوم ھو فی شان ہٗ ج (ہر روز وہ ایک کام کرتا ہے) (الرحمٰن: ۲۹)

ہمارے امام شافعیؒ نے توحید باری تعالیٰ کے بارے میں جامع کلام فرمایا ہے- جو مدبر تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے اٹھا' پس وہ موجود تک پہنچا' جہاں اس فکر رک گیا وہ مشبہ (تشبیہ دینے والا) ہے' اور عدم محض پر مطمئن ہو گیا' تو وہ معطل ہے اور جو موجود تعالیٰ پر مطمئن ہوا اور اس کے ادراک سے عاجز رہنے کا اعتراف کر لیا' وہ موحد ہے-

محترم' اللہ تعالیٰ کو حادث اور مخلوق کی صفات سے پاک سمجھو اور اپنے عقائد کو استواء علی العرش کے مفہوم میں اس قسم کے قرار پکڑنے اور استواء سے پاک رکھو' جیسا کہ اجسام دوسرے اجسام پر قرار پکڑتے ہیں' ورنہ حلول لازم آئے گا' اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے' اس طرح کے کلام سے بھی بچو کہ اللہ تعالیٰ اوپر ہے (یعنی نیچے نہیں) نیچے ہے (اوپر نہیں) فلاں مقام میں (بند) ہے یا انسانی اعضاء کی طرح اس کے ہاتھ اور آنکھیں ہیں یا جس طرح (انسان) چل کر اور منتقل ہو کر آتا ہے' اس طرح وہ بھی آتا ہے- یہ سب مخلوق وحادث کی صفات ہیں' اللہ تعالیٰ ان سے پاک ہے-

لـــوح زحـــل

استحکام و جمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

حضرت ابوالحسن محمد بن محمد جلال الدین بکری (صدیقی)ؒ

حضرت شیخ محمد مغربی شاذلیؒ بیان کرتے ہیں کہ آپ ۹۳۷ھ میں حج بیت اللہ شریف کے لئے گئے- حج بیت اللہ کے لئے حضرت ابوالحسن محمد بکریؒ بھی تشریف لے گئے تھے- حضرت شیخ محمد مغربیؒ فرماتے ہیں- حج کے بعد میں مدینہ طیبہ (اس کے والی پر صلوۃ وسلام ہو) گیا- ایک دن سید کل علیہ السلام کے مزار انور کی زیارت کے لئے حاضر ہوا تو میں نے حرم نبوی ﷺ میں حضرت شیخ ابوالحسن محمد بکریؒ کو درس دیتے ہوئے پایا- دوران درس انہوں نے کہا مجھے حکم دیا ہے کہ اب اعلان کردوں قدمی هذا علی رقبة کل ولی الله تعالیٰ مشرقاً کان او مغرباً (میرا یہ قدم اللہ تعالیٰ کے ہر ولی کی گردن پر ہے- خواہ وہ مشرق میں رہتا ہو یا مغرب میں)

حضرت شیخ ابراھیم عبیدی اپنی کتاب عمدۃ التحقیق فی بشا ٔل الصدیق میں لکھا ہے کہ حضرت ابوالحسن محمد بکریؒ کی والدہ ماجدہ سیدہ خدیجہ زاہدہ وعابدہ شب زندہ دار اور ہمیشہ روزہ رکھنے والی تھیں- اٹھارہ سال تک آپ نے جامع ابیض کی سطح پر اللہ کریم کی خلوت میں عبادت کی اور جامع کی حرمت کا لحاظ کرتے ہوئے کبھی وہاں تھوکا تک نہیں ان کا اپنے صاحبزادے حضرت ابوالحسن محمد بکریؒ کے ساتھ تھوڑا سا اختلاف تھا- وہ حج و زیارت اور اپنے دیگر کاموں میں لباس فاخرہ پہن کر آنے کو ایک قسم کی نمائش سمجھ کر ناپسند فرماتی تھیں اور حضرت ابوالحسن محمد بکریؒ ایسے مواقع پر ایسا لباس استعمال فرماتے تھے- وہ آپ سے اس سلسلہ میں آپ سے سخت کلامی فرماتیں- اسی طرح ایک عرصہ گذر گیا- مگر کیا مجال کہ آپ والدہ ماجدہ کے احترام میں کمی کی ہو- ایک دن والدہ کی خدمت میں عرض کرنے لگے- اے شیخ عالم مقام کی صاحبزادی- کیا یہ بات کافی نہیں کہ میرے اور آپ کے درمیان حضور سید کل ﷺ خود عادل ثالث بن جائیں اور فیصلہ فرمادیں- وہ سخت غصہ میں آ گئیں اور کہنے لگیں- تو یہ بات کہنے والا کون ہوتا ہے- بھلا یہ بات کیسے ممکن ہے کہ حضور کریم ﷺ خود فیصلہ فرمائیں- آپ نے عرض کیا' اماں جان' انشاء اللہ آپ خود ملاحظہ فرمالیں گی اور پھر آپ کا یہ انکار بھی ختم ہو جائے گا اور مجھے ملامت کرنا بھی چھوڑ دیں گی-

حضرت فرماتے ہیں وہ اس رات سوئیں تو خواب میں دیکھا کہ وہ مسجد نبوی میں داخل ہیں اور روضۂ اقدس میں بہت سی بڑی بڑی قندیلیں ہیں اور ایک سب سے بڑی قندیل ہے- جس کا حسن' روشنی اور شکل وصورت سب سے اعلیٰ ہے- اماں جان پوچھنے لگیں یہ کس کی قندیل ہے- انہیں بتایا گیا- یہ آپ کے صاحبزادے ابوالحسن محمد کی قندیل ہے- انہوں نے حجرہ طیبہ وطاہرہ کی طرف توجہ دی تو حضور سید کائنات ﷺ کی زیارت ہوئی اور میں حضور نبی کریم ﷺ کی سرکار میں وہی لباس فاخرہ پہنے کھڑا تھا- والدہ ماجدہ فرماتی ہیں میں نے جی میں سوچا کہ ایسا لباس اس مقدس مقام پر بھی وہ پہنے ہوئے ہیں- فرماتی ہیں میں چونکہ شدت سے اس لباس کا انکار کرتی تھی- یہاں یہ لباس دیکھ کر مجھے شرمندگی محسوس ہوئی اور میں نے سرکار ابدالقرار ﷺ کی خدمت میں عرض کیا یارسول اللہ صلوٰتُ اللّٰہِ عَلَیکَ میں توبہ کرتی ہوں-

حضرت ابوالحسن محمد بکریؒ فرماتے ہیں کہ اس وقت کے بعد نہ والدہ ماجدہ نے کبھی انکار فرمایا اور نہ ہی کسی طرح مجھے ملامت کی شیخ مکرم حضرت فیشیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالحسن محمد صدیقیؒ جب آپ عرفات کی پہاڑی (جبل رحمت) پر ٹھہرے تو ایک سائل نے آ کر عرض کیا- مجھ پر قرضے ہیں اور بہت سا بال بچہ ہے آپ کے غنا کا محتاج ہوں کچھ عطا فرمائیں- آپ نے قلم ودوات اور کاغذ منگا کر لکھا- ہم نے تقدیر کے صراف کو حکم دے دیا ہے کہ اس آدمی کو روزانہ سونے کا ایک دینار بھیج دیا کرے- ابوالحسن بکری تعلیم خود حضرت شعرانیؒ نے اپنی کتاب المنن میں ارشاد فرمایا ہے کہ مجھے قسم ہے جو آدمی اپنی طویل عمر میں سیدی ابوالحسن محمد بکریؒ جیسے شخص کی زیارت کرتا ہے اور وہ علوم واسرار ان کی زبان سے سنتا ہے جنہیں سن کر عقلیں حیرت میں ڈوب جاتی ہیں- حالانکہ آپ کی عمر شریف بہت تھوڑی ہے اور پھر آپ کا معتقد نہیں ہوتا- وہ سب اہل زمانہ کی مدد سے محروم کر دیا جاتا ہے- کیونکہ یہ حضرت ابوالحسن محمد بکریؒ اپنے میں مرتبہ وعظمت کی شانِ ناطقہ میں اسی طرح ہیں جس طرح حضور غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنے زبان میں تھے- سچی بات تو یہ ہے کہ آپ اس دنیا سے نظرہ الٰہیہ کا وہ مقام ومحل ہیں جن کا ذکر اپنے شعر (قصیدہ) میں یوں کیا ہے تو بے شک وجود کے شرق وغرب میں گھوم جانہ تجھے کوئی مجھ جیسا ملے گا اور نہ ہی میرا کوئی ہم شکل تو پا سکے گا-

حضرت محمد ابوالحسن بکریؒ حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی اولاد سے ہیں اور آپ کی والدہ محترمہ بنو مخزوم قریش خاندان سے ہیں- علامہ شعرانیؒ آگے یوں تحریر فرماتے ہیں وہ شیخ کامل ہیں علوم لدنیہ میں بہت پختہ ہیں اور عطیات محمدیہ میں بہت راسخ ہیں- کامل معارف اور اسرار کے یوں دریا بھائے ہوں کہ ہمارے علم کے مطابق اور حاضرہ میں کسی اور پر ایسے دریا نہیں بھائے گئے- سب لوگ اس بات پر متفق ہیں کہ دور حاضر میں جسے حسد وبغض نے اندھا کر رکھا ہو میں نے ان کے ساتھ دو حج کئے ہیں- آپ سے بڑھ کر کوئی صاحب اخلاق نہیں دیکھا- نہ آپ سے بڑھ کر کسی کو کریم نفس پایا اور نہ ہی کوئی دوسرا معاشرت میں آپ سے حسین نظر آیا اور نہ ہی کوئی دوسرا ان جیسا شیریں گفتار ملا- انہوں نے دنوں علوم' علم ظاہری اور علم باطنی کا درس دیا اور فتوے دیئے- سب شہروں کے باشیوں نے ان کی

جلالت شان کا اعتراف کیا- دنیا ان کے سامنے سرنگوں ہوکر آئی-

عجیب و غریب سفارش

بحیرہ کے امیر عمر بن عیسیٰ پر حسین پاشا (امیر مصر) ناراض ہوا اور ایک فوجی دستہ اسے گرفتار کرنے کے لئے بھیجا- ارادہ یہ تھا کہ جونہی وہ آئے اسے قتل کر دیا جائے- فوجیوں نے اسے پکڑ لیا اور قلوب کے قریب پہنچے تو امیر عمر نے انہیں کہا- آپ کا بڑا احسان ہوگا اگر آپ مجھے حضرت شیخ محمد بکریؒ کے دروازے سے گزار کر لے جائیں- میں وہاں سے گزرتے ہوئے ان سے حسین پاشا کے سامنے سفارش کرنے کی عرض کروں گا- فوجیوں نے یہ بات مان لی اور اسے حضرت کے دروازے پر لے گئے- ظہر کا وقت تھا امیر عمر نے حضرت کے متعلق پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ آپ گھر کے صحن میں ہیں اور اس وقت آپ سے ملاقات ممکن نہیں ہے- آپ کو ملے بغیر امیر عمر چلا گیا- اس نے فوجیوں سے کہا ازراہ کرم مجھے شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ کے دروازے کی سمت سے لے چلیں- فوجیوں نے یہ بات بھی مان لی- حضرت علامہ شعرانی فرماتے ہیں امیر عمر میرے پاس آیا اور حسین پاشا سے اپنے متعلق بات کرنے کو کہا- میں نے اسے جواباً بتایا کہ اس آدمی (حسین پاشا) سے تو میری کوئی ملاقات نہیں ہے- ہاں حضرت محمد بکریؒ کے پاس جاتا ہوں اور آپ کے متعلق ان سے سفارش کراتا ہوں اور انہیں یہ کہوں گا کہ وہ آپ کے بارے میں اسے جلدی ملیں- میں نے تو امیر عمر کے لئے دعا کر دی- فوجی اسے لے کر چلے گئے- میں مدرسہ کی منزل سے اتر کر حضرت کی خدمت میں پہنچا اور ان سے اس بارے میں بات کی- انہوں نے فرمایا مولانا میں اس کے ماموں کے سامنے اس کی وصیت کروں گا اس سے زیادہ کچھ نہ فرمایا ان پر شدید حال کا غلبہ تھا- میں ان کے پاس غضب وغصہ سے اٹھا کہ میں تو انہیں پاشا سے ملنے کے لئے کہتا ہوں اور وہ مجھے یہ جواب دیتے ہیں جن کا معنی معلوم نہیں- ادھر یہ کیفیت اور ادھر امیر عمر کی ماں نے جب اس خراب حال میں اپنے بیٹے کی امد کا سنا تو وہ پاشا کے حرم میں جا پہنچی- پاشا اس وقت حرم میں تھا- اسے اطلاع ملی کہ امیر عمر پہنچ گیا ہے- اس نے اپنے درباری لباس پہننے شروع کر دیئے تا کہ محل کی کچہری میں جا سکے- امیر عمر کی والدہ آ گئی اور اپنے بیٹے کے متعلق پاشا سے باتیں کرنے لگی- پاشا نے کہا تو کس قوم سے تعلق رکھتی ہے- کہنے لگی میری فلاں قوم ہے- فلاں گاؤں ہے اور فلاں گھر ہے- پاشا نے پوچھا تیرا کوئی بھائی بھی ہے- کہنے لگی ہاں میرا بھائی ہے اس کا نام یہ ہے اور اس کی علامت کندھے پر تل ہے- یہ سن کر پاشا نے کہا پھر میں تیرا بھائی ہوں- ان کا باہم تعارف ہوگیا ایک دوسرے کو پہنچان لیا اور گلے مل گئے- حضرت محمد بکریؒ کی کرامت کا ظہور ہوا- ان کے قول کا معنی معلوم ہوگیا کہ میں اس کے ماموں کے سامنے اس کی وصیت کروں گا- اپنے فقرے سے زائد آپ نے کچھ نہیں فرمایا تھا- پاشا امیر عمر کے پاس آیا اسے قصہ بتایا اور اسے خلعت پہنا کر اپنے منصب وعہدہ پر واپس بھیج دیا-

شیخ محمد بن ابوالقاسم مالکیؒ نے بیان کیا ہے کہ میں نے استاد حضرت محمد بکریؒ سے درخواست کی کہ مجھے اسم اعظم سکھا دیں- آپ نے سکھانے کا وعدہ فرمایا لیکن بہت دیر گزر گئی وعدہ ایفا نہ ہوا- میں نے اپنے جی میں کہا استاد گرامی کے عہد میں عرصہ گزر گیا ہے آخر یہ انتظار کب تک- مجھے تب محسوس ہوا جب حضرت میرے پیچھے گئے- مجھے دھکا دیا- میں نے دھکا کھانے کے بعد خود کو جبل قاف کے پیچھے پایا- وہاں تین آدمی ملے جو اللہ کی عبادت میں مصروف تھے- میں نے انہیں سلام کیا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا- میں نے ان سے پوچھا آپ حضرات یہاں کیا کر رہے ہیں- کہنے لگے ہم اللہ کریم کے بندے ہیں اس کی توحید کے معترف ہیں اس کے عبادت گذار ہیں اس میں کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے- ہم یوم آغاز سے اب تک اسی انداز سے اس پہاڑ میں مقیم ہیں- ہم میں سے ہر آدمی کے لئے ایک دن متعین ہے وہ دعا کرتا ہے تو آسمان سے دسترخوان اترتا ہے جو حلال و پاکیزہ رزق اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے وہ ہم کھا لیتے ہیں- میں نے یہ سن کر انہیں کہا کیا کوئی صورت بن سکتی ہے کہ میں بھی آپ حضرات کے ساتھ تین دن گزار لوں- انہوں نے بات مان لی اور پھر حسب عادت اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے اور دسترخوان اترآتا- جب چوتھا دن آیا تو مجھے کہنے لگے اگر ہمارے یہاں ٹھہرنا ہے تو آج آپ کی نوبت ہے دعا کر کے دسترخوان منگاؤ- اگر نہیں ٹھہرنا تو اور بات ہے- (پھر ہم دسترخوان کا آپ سے مطالبہ نہیں کرتے- شیخ محمد ابوالقاسمؒ کہتے ہیں میں نے سچی نیت سے ہاتھ پھیلا دیئے اور یوں دعا کی اے اللہ میں بھی آپ سے وہی دعا کرتا ہوں جو دعا آپ کے یہ کرتے رہتے ہیں کہ ہمیں مقررہ دسترخوان عطا فرما دے- کہتے ہیں ابھی یہ کلام پایہ تکمیل کو بھی نہیں پہنچا تھا کہ دسترخوان اتر آیا- وہ بہت حیران ہوئے کھانا سب نے کھایا- فارغ ہوکر پوچھنے لگے- ہم اللہ کا واسطہ دے کر تجھ سے پوچھتے ہیں آپ نے اللہ سے کونسی دعا کی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کرامت سے نوازا- میں نے کہا پہلے تم اپنی دعا بتاؤ پھر میں اپنی دعا تمہیں بتا دوں گا- کہنے لگے ہماری دعا تو یہ ہے- اے پروردگار تو ہمارا اور سب چیزوں کا پالنے والا ہے ہم تجھ سے سیدی محمد بکری کی برکات کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ ہمیں آسمان سے دسترخوان بھیج دے- صرف ان الفاظ سے دسترخوان آسمان سے اترآتا ہے اور ہمارا آج تک یہی طریقہ ہے- اب میں نے انہیں بتایا کہ میری دعا یہ تھی- اے اللہ میں بھی وہی دعا کرتا ہوں جو دعا آپ کے یہ بندے کرتے رہے ہیں- اللہ نے میری دعا قبول فرمائی-

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,
Super Market

حکایت

حضرت عیسیٰ ؑ کے زمانہ میں ایک نکوکار عورت تھی تنور میں روٹیاں لگا کر نماز کی نیت باندھ کر کھڑی ہوگئی اتنے میں شیطان ایک عورت کی صورت بن کر آ موجود ہوا اور کہنے لگا روٹیاں جلی جاتی ہیں اس نے التفات نہ کیا پھر اس کے لڑکے کو پکڑ کے تنور میں ڈال دیا اس پر بھی اس نے التفات نہ کیا اتنے میں اس کا خاوند آیا اور اس نے لڑکے کو دیکھا کہ تنور میں چنگاریوں سے کھیل رہا ہے اور خدا نے ان کو عقیق سرخ بنا دیا ہے اس ماجرے کی عیسیٰ ؑ کو خبر دی انہوں نے فرمایا اس عورت کو میرے پاس بلا لاؤ چنانچہ وہ بلائی گئی انھوں نے پوچھا کہ تو کیا عمل کرتی ہے وہ بولی یا روح اللہ میرا کبھی وضو شکست نہیں ہوتا کہ اس کے بعد فوراً وضو کر لیا کرتی ہوں اور کبھی وضو نہیں کرتی کہ دو رکعت نماز نہ پڑھ لیا کرتی ہوں اور کبھی کسی نے کوئی حاجت جس میں خدا راضی رہے مجھ سے نہیں چاہی جس کو میں نے پورا نہ کر دیا ہو اور میں زندوں کی ایذا ایسی ہی برداشت کرتی ہوں جیسے مردے برداشت کیا کرتے ہیں۔

ایک بار جبرائیل ؑ حضرت نبی کریم ﷺ کے پاس آئے ان کے پاس ایک سونے کا تخت تھا جس کے پائے چاندی کے تھے اس میں یاقوت و موتی و زبرجد جابجا جڑے ہوئے تھے اور سندس و استبرق کا اس پر فرش بچھا تھا کہ مکہ کے سبزہ زار میں آ کر زمین پر ٹھیرے اور حضرت نبی ﷺ کو سلام کیا اور اس تخت پر بٹھلایا اس وقت ان کے ساتھ ستر ہزار فرشتے تھے جبرائیل ؑ نے زمین پر اپنا بازو جو مارا تو پانی کا ایک چشمہ جاری ہوگیا پھر جبرائیل ؑ نے وضو کیا اس طرح کہ اپنے اعضا تین تین بار دھوئے تین بار کلی کی تین بار ناک میں پانی ڈالا پھر اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ (میں شہادت دیتا ہوں کہ خدائے وحدہ لاشریک کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک آپ محمد ﷺ خدا کے رسول ﷺ ہیں آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے) پڑھ کر آپ سے کہا کہ اے محمد ﷺ اٹھیے اور آپ بھی ایسا ہی کیجئے جیسا میں نے کیا ہے چنانچہ آپ نے ویسا ہی کیا اس کے بعد جبرائیل ؑ نے حضرت محمد ﷺ سے کہا کہ خدا نے آپ کے سارے اگلے پچھلے گناہ بخشدیئے اور جو آپ ہی کی طرح یہ عمل کرے گا اس کے بھی سارے گناہ نئے پرانے پوشیدہ و ظاہر خواہ ارادہ سے ہوں یا بلا ارادہ سب بخشدیئے جائیں گے اور اس کا گوشت اور خون دوزخ پر حرام ہوجائے گا۔ وضو میں مسواک کرنا مستحب ہے کیونکہ صحیح بخاری میں ہے اگر میں اپنی امت پر شاق نہ خیال کرتا تو ان کو ہر وضو کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیدیتا تاہم ہر نماز کے لئے مسواک کرنا سنت ہے کیونکہ آپ نے فرمایا ہے مسواک کے ساتھ دو رکعتیں بلا مسواک کی چار سو نمازوں کے برابر ہیں اور جس نے مسواک کے ساتھ دو رکعتیں ادا کیں گویا کہ اس شخص نے اسمٰعیل ؑ کی اولاد میں سے ایک غلام آزاد کیا اور گناہوں سے ایسا صاف نکل آیا جیسے خمیر سے بال نکل آتا ہے۔ تحفۃ الحبیب میں مذکور ہے اور جس وقت منہ کے مزے میں تبدیلی معلوم ہونے لگے اور تلاوت کے وقت اور خواب سے بیدار ہونے اور گھر میں داخل ہونے کے وقت مسواک کرنا مسنون ہے اور داہنی طرف سے مسواک کی نیت کرلے۔ میں نے ابن طرخان کی طب نبوی میں بروایت ابن عباسؓ حضرت ﷺ سے یہ روایت مروی دیکھی ہے کہ مسواک میں دس فائدے ہیں منہ خوشبودار ہوتا ہے مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں بلغم دور ہوتا ہے آنکھوں میں جلال آتی ہے دانتوں کی جڑیں گھلنا موقوف ہوجاتا ہے اور معدہ کی اصلاح ہوتی ہے (اور بڑی بات یہ کہ) سنت کی موافقت ہوتی ہے فرشتے خوش ہوتے ہیں پروردگار کی خوشنودی ہاتھ آتی ہے اور نیکیاں بڑھتی ہیں میں نے احیاً میں حضرت ﷺ سے روایت دیکھی ہے آپ نے فرمایا تمہارا منہ قرآن کا راستہ ہے پس اس کو مسواک سے خوشبودار رکھا کرو اور حضرت نبی ﷺ مسواک کا برابر حکم کیا کرتے تھے حتیٰ کہ ہمیں گمان ہوا کہ آپ کے اوپر اس بارے میں کوئی وحی نازل ہوجائے گی اور میں نے صحیح بخاری میں دیکھا ہے کہ حضرت ﷺ نے فرمایا اگر میں اپنی امت پر شاق نہ سمجھتا تو ہر نماز کے وقت ان کو مسواک کرنے کا حکم دے دیتا اور حضرت نبی ﷺ کا ارشاد ہے اس میں شک نہیں کہ بندہ جب مسواک کرتا ہے پھر کھڑے ہوکر نماز پڑھتا ہے تو فرشتہ اس کے پیچھے کھڑا ہوا اس کی قرأت کو سنتا رہتا ہے اور اتنا قریب ہوتا جاتا ہے یہاں تک اس کے منہ پر اپنا منہ رکھ دیتا ہے اس کو بزارؒ نے روایت کیا ہے۔

حل المقاصد

میں قواعد کی تشریحات جن سے سطر مستحصلہ استخراج کی جاتی ہے۔ مکمل طور پر واضح بیان کی گئی ہے اور فلک ہشتم کے عامل فرشتہ میططروں کے اسماء کے پوشیدہ حروف کو ۳۲ دائروں میں مقید کیا گیا ہے۔ جن میں سطر مستحصلہ پوشیدہ ہے اور جو نا قابل فہم اور نا قابل عمل رہی ہے۔ اس مستحصلہ سے تین زبانوں

عربی، فارسی، اردو

میں ایک واضح جواب ایک ہی طریقہ سے برآمد ہوتا ہے۔ جس کی مثال ساتھ دی گئی ہے۔ قواعد وضوابط تو اکثر لوگوں کو معلوم ہیں۔ مگر اس کو حل شدہ حاصل کرنا مدتوں خدمت کے بعد ہی ممکن تھا۔

ہدیہ =/۱۵۰ روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز کراچی

چاند و سورج گرہن

چاند گرہن

یہ مکمل گرہن ہوگا۔ جو ۳۱ جنوری کی شام ۶ بجکر ۲۸ منٹ کو ۱۱ درجہ ۳۸ دقیقہ برج اسد پر لگے گا۔ یہ گرہن ۳۱ جنوری کی دوپہر ۴ بجکر ۴۸ منٹ پر لگنا شروع ہوگا اور شام ۶ بجکر ۲۵ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہو گا اور رات ۸ بجکر ۱۱ منٹ پر یہ گرہن مکمل ختم ہو جائے گا۔ اس کا دورانیہ ایک منٹ ۳ سیکنڈ کا ہوگا۔

یہ گرہن شمالی مشرقی یورپ، ایشیاء، آسٹریلیا کے چند مقامات، شمالی مشرقی افریقا، بحر الکاہل، شمالی امریکہ، بحر ہند، بحر اوقیانوس میں نظر آئے گا۔

سورج گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا۔ جو ۱۵/۱۶ فروری کی رات ۲ بجکر ۴ منٹ کو ۲۷ درجہ ۷ دقیقہ برج دلو پر لگے گا۔ یہ گرہن ۱۵ فروری کی رات ۱۱ بجکر ۵۵ منٹ سے شروع ہوگا۔ یہ گرہن ۱۶ فروری کو قبل سحر ۲ بجکر ۴ منٹ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہو گا اور صبح ۳ بجکر ۴۸ منٹ پر یہ گرہن مکمل صاف ہو جائے گا۔

اس گرہن کو جنوبی افریقا کے بیشتر علاقے، اجرٹینا، چلی، یوراگوئے، برازیل، بحر اوقیانوس کے علاقوں میں نظر آئے گا۔

اجرام سماوی میں سب سے زیادہ روشن سورج ہے۔ یہ زمین کے مدار کا حقیقی مرکز ہے اور تمام جانداروں کی زندگی کا باعث ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ سورج کے فنا ہوجانے کی تین دن کے اندر اندر دنیا پر سے تمام زندگی ختم ہوجائے گی۔ دیگر بیشمار اجرام فلکی کی بہ نسبت زمین کے بہت قریب ہونے کی وجہ سے ہم سورج کا مطالعہ زیادہ گہرائی سے کر سکتے ہیں۔ سورج کے اندر سے باہر تک گیس ہی گیس ہے اور صرف ایک گیس نہیں بلکہ مختلف گیسوں کا مجموعہ ہے۔

اندازہ ہے کہ سورج ہم سے سوا نو کروڑ میل کے فاصلہ پر واقع ہے گویا ساٹھ میل فی گھنٹہ چلنے والی گاڑی وہاں ۱۷۵ سال میں پہنچے گی اور ڈیڑھ پائی میل کے کرایہ کے حساب سے سوا سات لاکھ روپیہ کرایہ بنے گا۔

سورج کا قطر آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار میل ہے۔ گویا سورج کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گناہ بڑا ہے۔

سورج کی کشش زمین سے ۲۸ گناہ زیادہ ہے۔ یعنی زمین کا ایک سیر سورج پر جا کر ۲۸ سیر بن جائے گا۔ زمین پر ہماری ٹانگیں ہمارے جسم کے دو اڑھائی من وزن کو اٹھاتی ہیں۔ سورج پر جا کر انہیں ۴۲ من وزن اٹھانا پڑے گا۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم خود اپنے بوجھ تلے کچل کر مر جائیں گے۔

سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ سورج پر بھی کرۂ ہوائی موجود ہے۔ سورج پر کبھی سیاہ رنگ کے دھبے نظر آتے ہیں۔ چین کی قدیم تاریخوں میں بھی ان دھبوں کا ذکر ہے۔ لیکن یہ داغ چاند کے ساکن داغوں کی طرح نہیں ہیں بلکہ نئے داغ پیدا ہوتے رہتے ہیں اور پرانے مٹتے رہتے ہیں یہ دراصل داغ نہیں بلکہ ہیبت ناک بگولے ہیں جو سورج کی سطح پر پیدا ہوتے ہیں جس سے سورج کی اندرونی گیسیں چکر لگاتی ہوئی باہر نکلتی ہیں۔ سورج کے متعلق اکثر باتیں کامل سورج گرہن کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوئی ہیں ہیئت دان اسی طرح کے حساب سے سینکڑوں سال پہلے بتا دیتا ہے کہ گہن کہاں، کتنے گھنٹے منٹ اور کہاں کہاں لگے گا۔ زمین کے جس حصہ پر چاند کا سایہ نہیں پڑتا۔ وہاں گہن نظر نہیں آتا۔ اس سایہ کی زیادہ سے زیادہ چوڑائی ۱۷۵ میل ہوتی ہے۔ چونکہ چاند، سورج اور زمین تینوں حرکت میں ہیں۔ اس لئے یہ سایہ ساکن نہیں رہتا بلکہ ایک ہزار میل فی گھنٹہ سے کچھ زیادہ کی رفتار سے مشرق سے مغرب کی جانب دوڑتا ہے۔ خط استوا سے دور کے مقامات پر اس کی رفتار پانچ ہزار میل فی گھنٹہ بڑھ جاتی ہے یہ وجہ ہے کہ کامل گہن کسی خاص مقام پر بہت تھوڑی دیر کے لئے نظر آتا ہے اس کا زیادہ سے زیادہ وقفہ ساڑھے سات منٹ ہوتا ہے۔

اگر دیکھنے والا کسی بلند مقام سے دور کے افق کو دیکھ سکے تو کامل گہن سے ایک لمحہ پیشتر بعض اوقات بالکل نمایاں طور پر آندھی کی طرح خوفناک رفتار سے آتا ہوا دیکھائی دیتا ہے اور پھر ایک نہایت دلفریب منظر نظر آتا ہے۔ چاند کا کرۂ جو سیاہ روشنائی سے بھی زیادہ تاریک نظر آتا ہے۔ فضا میں معلق نظر آتا ہے اور اس کے چاروں طرف موتی کی طرح چمکتا ہوا لطیف نور کا تاج دکھائی دیتا ہے اس تاج کے علاوہ بعض مقامات پر خونی شعلوں کی ہی زبانیں چاند کے عقب سے لپکتی ہوئی نظر آتی ہیں سورج کے دوبارہ نکلنے سے پیشتر اس کے کرۂ ہوائی کا بالکل زیریں حصہ فولاد کی مانند سفید رنگ کا چمکتا دکھائی دیتا ہے۔ پھر یکا یک آنکھوں کو خیرہ کر دینے والا منیائی کرہ پیش نظر ہو جاتا ہے۔ بات کی بات میں ہر جگہ روشنی پھیل جاتی ہے اور کل تماشا ختم ہو جاتا ہے۔

کامل سورج گرہن ہیئت دانوں کے لئے ایک نعمت ہے اس کے لئے دو مہینے پہلے طے کر لیتے ہیں کہ گرہن کے وقت کیا کام کرنا ہوگا اور وہ کس طرح انجام پائے گا۔

گرہن کا واقعہ فلکی دنیا میں معمولی واقعہ نہیں ہوتا اس کے نمایاں اثرات زمین پر بھی پڑتے ہیں۔ قرآن میں قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی

گرہن کی بھی دی ہے- وجمع الشمس والقمر کی آیت قرآن شمس وقمر کی نشاندہی کرتی ہے- عامل حضرت اس وقت بعض دم کے چلہ کرتے ہیں اور حروف صوامت کا چلہ کرتے ہیں- تاکہ ضبط نور کے وقت اثر ضبط کو قابو میں کرلیا جائے- چنانچہ تجربہ کیا گیا ہے کہ ایسے وقت میں مکمل کئے گئے کام حیرت انگیز طور پر تمام زندگی کام دیتے ہیں' عامل کامل حصہ اول میں آخری باب ششم دیکھیں (اجازت لیں)- تپ' درد شکم' حب' درد دندان' عمل درد داڑھ وشقیقہ' جھاڑہ ڈبہ' درد چھاتی' عمل دفع درد' دیوالی کا عمل' عطر مونثی کو پڑھ لیا جائے- جوان کی مقررہ تعداد لکھی ہے یا اگر چلہ کے لئے تعداد مقرر نہیں تو تین سو ایک بار پڑھ لیا جائے- پھر روزانہ اس عمل کو گیارہ مرتبہ پڑھ لیا جائے پھر روزانہ اس عمل کو گیارہ بار پڑھ لیا جائے تو عمل کی قوت قابو میں آجائے گی-

گرہن کے وقت ساقط کردینے والی تاثیرات حاصل کی جاتی ہے اس امر کے لئے حروف صوامت کا چلہ کرلینا بھی بہت کام دیتا ہے- حروف صوامت یہ ہیں- احد رسص طعك لموہ ان کو کاغذ پر ۵۴۳ بار یعنی انہی حروف کی تعداد کے مطابق گرہن میں لکھ لیا جائے تو تاثیر آجاتی ہے اور پھر یہ حروف ہر قسم کی دردوں کو باندھنے' زبان بندی' تعلقات باندھنے' گرتے حمل کو روکنے' بھاگتے آدمی یا جانور کو روکنے غرضیکہ ہر چلتی چیز کو روکنے کا کام دیں گے- انسانی حوائج کے چوتھائی حصہ کام انہیں حروف صوامت سے انجام دیئے جاسکتے ہیں-

اس موقعہ سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہر شخص کے فائدہ کا ایک عمل تحریر کرتا ہوں- جو شخص چاہے تیار کرکے فیض حاصل کرسکتا ہے ہر شخص کو اجازت لینا ہے- بذریعہ خط اجازت لیں-

یہ عمل ان تمام خباثتوں سے محفوظ رکھے گا- جو انسان وشیطان دونوں سے وابستہ ہیں- مثلاً یہ بدگویوں اور خلاف بولنے والوں کے لئے زبان بندی کا کام دے گا- حاسدوں کے حسد سے محفوظ کرے گا- نظر وزداں' ظالماں' قاطعاں اور موذیان سے محفی رکھے گا- یعنی ان سے ہمہ وقت محفوظ رہے گا- جن لوگوں کو مخالفتوں سے واسطہ پڑتا ہے- جن کے دشمن ہمہ وقت اسے نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور جو بدنام کرتے ہیں- ان سب سے محفوظ رہنے کے لئے یہ حرز اسرار کام دے گا- تمام خلقت کی زبان بندی بھی اسی سے ہوگی- گویا شرالاشرار سے محفوظ کرنے کے لئے ایک حصار کا کام دے گا- انسان کو بہترین نفع دینے والی چیزوں میں سے یہ ایک میرا تحفہ ہے اور اس زمانہ کے ہر آدمی اور عورت کو اپنے اپنے حلقہ میں محفوظ رہنے کے لئے ضروری ہے-

حروف صوامت جن سے ہر قسم کے امور کو باندھا جاتا ہے- اس کے عدد ۵۴۳ ہیں- حروف نورانی میں سے الم طہ طس طسم عسق ن کے اعداد بھی ۵۴۳ ہیں- حروف نورانی کے متعلق میں کئی دفعہ وضاحت کرچکا ہوں کہ اللہ جل شانہ نے ان حروف نورانی سے قرآن کریم کی حفاظت کی ہوئی ہے اور یہ حروف قرآن کی بعض سورتوں کے شروع میں ہیں- ان کے مفرد حروف چودہ ہیں-

اب میں ان اعداد کی قوتوں سے نقش تیار کرتا ہوں- جو شرالاشرار سے محفوظ رکھ کر حفاظت کرے گا- وہ یہ ہے ۱۷۷ سے لے کر ۱۸۵ تک باترتیب لکھنا ہوگا- نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۸۰	۱۸۵	۱۷۸
۱۷۹	۱۸۱	۱۸۳
۱۸۴	۱۷۷	۱۸۲

اب اس کی تکمیل کو سمجھیں- اگر یہ نقش زبان بندی اعداد کے لئے لکھے تو نقش کے نیچے یوں لکھے-

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَا هُمْ فَهُمْ لَايُبْصِرُوْنَ- صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَايَرْجِعُوْنَ- عَقَدْتُ لِسَانِهِمْ وَسَدَدْتُ اَفْوَاهِهِمْ

اگر یہ نقش شرالاشرار سے محفوظ رہنے کے لئے ہو تو نیچے یوں لکھیں-

كَذَالِكَ اللّٰهُ رَبِّى عَنْ فَوْقِهِمْ وَعَنْ فَوْقِنَا' كَذَالِكَ اللّٰهُ اَبًا عَنْ يَسَارِهِمْ وَعَنْ يَسَارِنَا- اِنَّه' عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ وَلِكُلِّ شَىْءٍ حَفِيْظٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَسَلَّمْ

اگر یہ نقش نظر وجن وپری اور سحر وجادو سے حفاظت کے لئے ہو تو نقش کے نیچے یوں لکھیں-

سَدَدْتُ اَفْوَاهَ وَنَظْرَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالسِّحْرَةِ وَالْاَبَالِسَةِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَنْ يَلُوْذُبِهِمْ بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْاَعَزِّوَبِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ-

اگر ایک گھر میں رہتے ہوئے کسی ایک کی دوسرے کے دل میں عزت و وقعت نہ ہو- مثلاً میاں بیوی کے درمیان نفرت ہو اور ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ کر عزت نہ کرتا ہو اور اسی طرح کسی کی اپنے دفتر میں عزت و وقعت نہ ہو تو نقش کے نیچے یوں لکھیں-

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّاوَ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَا هُمْ فَهُمْ لَايُبْصِرُوْنَ اَلْيَوْمِ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ فَهُمْ لَايَنْطِقُوْنَ لَوْ اَنْفَقْتَ مَافِى الْاَرْضِ جَمِيْعاً مَاالَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ الَّفَ بَيْنَ هُمْ اِنَّه' عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ يَااَرْحَمَ الرَّحِمِيْنَ-

ان عزیمتوں کو جو نقش کے بعد لکھی ہیں- بسم اللہ سے شروع کریں اور عزیمت کے بعد لکھیں-

بحق آلٓمّٓ طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ اَللّٰهُمَّ اَحْفِظْ عَلٰى حَامِلِ هٰذَاالدَّعْآءَهٗ (نام معہ والدہ) بِاَمْرِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

اب چاروں طرف ایک ایک دفعہ حروف صوامت لکھیں- احد رسص طعك

لموہ

نقش کے کونے قولہ الحق ولہ الملک سے تیار کریں- یہ سارا کام کالی سیاہی یا نیلی سیاہی یا پنسل سے کاغذ پر لکھ سکتے ہیں- لکھتے وقت منہ جنوب مغرب کی طرف کریں اور اکیلے کمرہ میں کریں- ایسا انتظام کریں کہ کوئی بلائے نہیں- نہ ہی کام کرتے وقت بولنا ہے- اس کو تہہ کر کے تعویذ بنالیں اور بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں- یہ ایسا کام کرلیا- جس سے دل مطمئن رہے گا- بے خوف و بے خطر ہو جائیں گے-

واقعہ گرہن

اگر شمس و قمر راست یا ذنب سے ۸ درجہ کے فاصلہ پر ہوں تو گہن شروع ہو جاتا ہے- ۴ درجے کا فاصلہ ہو تو گہن پورا لگ جاتا ہے- ۴ سے ۸ درجہ کا درمیانی فاصلہ ہو تو گرہن کم لگتا ہے- عین قران یا مقابلہ کا وقت جو تقویم میں درج کیا جاتا ہے وہ وسط گرہن کی حالت ہوتی ہے- ظاہر ہے کہ جب مقابلہ قران نیرین راس و ذنب سے ۸ درجہ دور واقع ہوگا تو گرہن نہ لگے گا- سورج گرہن ہمیشہ چاند کی ۲۷ یا ۲۸ یا ۲۹ میں واقع ہوتا ہے اور چاند گرہن ۱۳ یا ۱۴ یا ۱۵ کو واقع ہوتا ہے-

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا- وہ جادو' نظر بد' جنات' بھوت' پری' سوتے میں ڈر' وسواس شیطانی' دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا - گھر کی نااتفاقیاں' جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی- وہ بھی ختم ہو جائیں گی-

ہدیہ نقش =/۲۵۰۱ روپے-
ہدیہ لوح =/۷۵۰۱ روپے-
محصولڈاک =/۶۵ روپے علاوہ
مینجر روحانی دنیا کراچی

درود شریف

حبِ رسول کا تقاضا ہے کہ ان پر درود بھیجا جائے کیونکہ وہ معبود، عبادات، جمیع نعم الواصلہ اور ہدایت الاسلام کے درمیان واسطہ ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لا یشکرُ اللّٰہ من لا یشکر الناس ۔یعنی جس نے آدمیوں کا شکر ادا نہیں کیا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کر سکتا۔ لہٰذا ہمیں اس عظیم وسیلہ کی دی گئی نعمت کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ چونکہ نعمت جاری ہے۔ اس لئے شکر جاری رہنا چاہئے اور شکر کا طریقہ یہ ہے کہ اُن پر درود شریف بکثرت بھیجا جائے۔ یہ بھی عبادت ہے۔ اور تقرب اللہ کا شغل ہے۔ اور حکم باری تعالیٰ کی تکمیل ہے۔ بقول اللہ عزوجل یٰایھا الذین امنو اصلو علیہ و سلمو تسلیماً ط اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے رسولؐ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے۔ ان اللّٰہ و ملائکتہ یصلون علی النبی اللہ اور اس کے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں۔

جب اسم مبارک آنحضرت صلعم کا کسی مجلس میں لیا جائے تو ایک بار درود بھیجنا واجب ہے۔ جس قدر زیادہ پڑھے گا اسی قدر ثواب ملے گا۔ حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک بار درود شریف پڑھنے والے کو دس بار رحمت کاملہ سے سرفراز فرماتا ہے اور یہ بھی حدیث میں آیا ہے کہ جو حاجت مند بوسیلہ درود شریف کے اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روا کرتا ہے اور یہ بھی آیا ہے۔ کہ جو کوئی تمام وظیفے چھوڑ کر درود شریف پر اکتفا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ جمیع مطالب دین اور دنیا کو برلائے۔

ایک بزرگ شاہ موسیٰ نامی یمن سے حضرت خواجہ اویس قرنیؒ کے مزار کی زیارت کے لئے گئے۔ وہاں فاتحہ پڑھی اور تھوڑی دیر مراقبہ میں بیٹھ گئے۔ ان کے ساتھ جو مصائب تھے۔ جب بھوک نے غلبہ کیا۔ تو کہا کہ حضرت بھوک مارے ڈالتی ہے۔ ساتھ ہم لائے کچھ نہیں اور مزار شہر سے دور ہے تو بزرگ فرمانے لگے میں نے اپنے پیر و مرشد سے سنا تھا کہ جو کوئی اس درود شریف کو بکثرت پڑھے گا۔ اگر بھوکا ہوگا تو اللہ تعالیٰ جنگل میں بھی خوانِ نعمت غیب سے بھیجے گا۔

اُس نے عرض کیا۔ حضرت اس سے زیادہ اور کونسا جنگل ہوگا۔ آپ بھی پڑھیئے اور مجھے بھی بتایئے۔ میں بھی پڑھوں۔ آپ نے فرمایا اس طرح پڑھتے جاؤ۔ اللھم صلی علی سیدنا محمد سید الصابرین

یہ درود شریف ہم دونوں نے ایک ہزار مرتبہ تک نہ پڑھا تھا کہ ایک بزرگ سفید ریش بالباس فاخرہ مع ایک خادم حبشی کے نظر آئے۔ دیکھا کہ حبشی کے سر پر کھانے کا خوان ہے۔ جب مزار کے قریب آئے تو السلام علیکم کہا اور کھانا آگے رکھ دیا۔ اور کہا تم تین روز یہاں رہو برابر کھانا تمہارے واسطے آتا رہے گا۔ اور ہم نے بھی تین روز تک درود شریف پڑھنا نہ چھوڑا۔ جب تیسرا روز ہوا اور کھانا ہمارے لئے آیا تو بعد فراغت کھانے کے ان بزرگ نے کہا کہ کل فجر چلے جانا۔ اتنا کہہ کر وہیں غائب ہو گئے نہیں معلوم کہ زمین میں سما گئے یا آسمان پر چلے گئے۔

قمر کے پراسرار پہلو

قمر ہر شخص کو مسحور کر دیتا ہے اس نے ہمیشہ ایسا کیا ہے اور ہمیشہ ایسا کرتا رہے گا۔ تاہم جب خلانوردوں نے اس پر اترنا شروع کیا تو کچھ عرصے کے لئے اس سے وابستہ لوگ داستانوں کی کشش سائنس کی بے لطفی نے ختم کر دی تھی۔ لیکن مجموعی طور پر انسان قمر اور اس کے رازوں کا شیدائی ہے۔ قمر سے متعلق قدیم روایات دلچسپ حقائق سے بھرپور ہیں چنانچہ سائنس داں خواہ کچھ کہتے رہیں قمر انسانوں کو مسحور کرتا رہے گا۔

قدیم روایات عقائد اور اس وقت بھی قدیم جب یہ دنیا جوان تھی ان میں سے کچھ عقائد بعض ممالک میں علم نجوم کا حصہ بن گئے تاہم موجودہ دور کے اکثر ماہرین نجوم انہیں قبول نہیں کرتے۔

کسی بھی عقیدے کے باقی رہنے کا ثبوت اس کی عملی اور رسم ورواج کا ایک حصہ ہونے سے ہی ملتا ہے چنانچہ جن قمری روایات کا اب میں ذکر کروں گا ان کے معقول حد تک درست ہونے کا پتہ چل چکا ہے۔ موجودہ دور میں علم نجوم کو ٹھہرے ہوئے پانی کی طرح بے لطف سمجھا جانے لگا ہے اس لئے کہ اس میں سے روایات کا رنگین حصہ نکال دیا گیا ہے لیکن یہ رنگین عقائد ہی ہمیں بہت سی باتیں یاد رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور قمر سے تو ویسے بھی بہت سے راز وابستہ ہیں۔

قدیم دور کی فراست

قدیم زمانے میں لوگ قمر کو دیوتا مانتے تھے اور اس سے دعائیں مانگتے ہیں۔ موجودہ دور میں بھی کچھ علاقے ایسے ہیں جہاں اب بھی یہی کچھ ہو رہا ہے۔ قدیم زمانے کے غیب دانوں نے علم نجوم میں گراں بہا اضافے کئے ہیں۔ جبکہ جدید دور کے غیب دانوں کے علم میں رنگوں کا فقدان ہے اس لئے لوگ ان کی پیش گوئیوں کو بھول جاتے ہیں۔

لوگ قمری منازل اور اس کی اشکال کے انسانوں پر اثرات کے آج بھی قائل ہیں۔ اسی طرح پیدائش کی قمری تاریخ بھی انسان کی قسمت اور مزاج پر گہرا اثر مرتب کرتی ہے۔ ان حقائق کو صرف تسلیم کر لینا ہی کافی نہیں۔ بلکہ ان کی سچائی کو پرکھیں۔ پھر آپ خود قائل ہو جائیں گے کہ ان میں کتنی سچائی ہے قدیم زمانے کے لوگ علم نجوم سے زیادہ واقف نہ تھے لیکن قمری تاریخیں جن باتوں کی نشاندہی کرتی ہیں وہ ان پر گہرا یقین رکھتے تھے۔ وہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ کسی بھی شخص کی قسمت، کا تعین قمری تاریخوں کے ذریعے کیا جا سکتا ہے یعنی پیدائش سے قبل نئے چاند کو طلوع ہوئے کتنے دن گزر چکے ہوتے تھے۔ اس کی گنتی کے ذریعے انسان کی قسمت کا اندازا لگایا جاتا تھا۔

آپ کا دن

اس قدیم عقیدے کی سچائی کا اندازہ آپ اپنی اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کی پیدائش کی قمری تاریخ کے ذریعے لگا سکتے ہیں اس کے لئے کرنا یہ ہوگا کہ یہ دیکھیں کہ پیدائش سے قبل نیا چاند کب طلوع ہوا تھا یعنی نئے چاند کے طلوع سے دنوں کا شمار کریں اور ذیل میں دی گئی تفصیل پڑھیں۔

پہلا دن

نئے چاند کے طلوع ہونے کے چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر پیدا ہونے والا شخص خوش قسمت ہوتا ہے اور لمبی عمر پاتا ہے۔

دوسرا دن

یہ لوگ گمشدہ چیزوں کو تلاش کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور آثار قدیمہ کے اچھے ماہر ثابت ہوتے ہیں۔

تیسرا دن

ان لوگوں کو صاحب اقتدار و اختیار افراد سے فائدہ ملتا ہے۔

چوتھا دن

یہ لوگ باقی لوگوں کے برعکس چھوٹی چھوٹی بیماریوں سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ لیکن ساری زندگی دوستوں اور مددگاروں کے ساتھ رہتا ہے۔

پانچواں دن

اس دن پیدا ہونے والے کسی بھی کام کو بڑے جوش وخروش سے شروع کرتے ہیں۔ یعنی آغاز اچھی طرح کرتے ہیں لیکن پھر دلچسپی کھو بیٹھتے ہیں اور تکمیل یا خاتمہ انتہائی بے ڈھنگے انداز میں کرتے ہیں۔

چھٹا دن

یہ لوگ بے حد حساس اور زود رنج ہوتے ہیں ان کا جسم احساسات سے فوری متاثر ہوتا ہے۔

ساتواں دن

اگرچہ ان لوگوں کی زندگی میں بے شمار اتار چڑھاؤ آتے ہیں تاہم یہ لمبے عرصے تک زندہ رہتے ہیں اور صحت بھی اچھی رہتی ہے۔

آٹھواں دن

اس دن پیدا ہونے والے افراد اپنی ذاتی کوششوں سے اپنی زندگی بناتے ہیں۔

نواں دن

ان کے لئے کاروبار خوش بختی لاتا ہے انہیں دوسرے اعزازات بھی مل سکتے ہیں۔ مثلاً یہ نامور ہو سکتے ہیں لیکن اس صورت میں کہ جب اس کے لئے یہ خود کوشش کریں۔

دسواں دن

اس دن پیدا ہونے والے افراد بہت زیادہ سفر کرتے ہیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ اکثر جاتے رہتے ہیں چنانچہ جائے رہائش اکثر تبدیل ہوتی رہتی ہے۔

گیارہواں دن

یہ بہت پرکشش طبیعت کے مالک ہوتے ہیں ان کا رجحان عموماً مذہب یا فلسفے کی طرف ہوتا ہے۔

بارہواں دن

یہ لوگ غیب دانی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ صاحب وجدان ہوتے ہیں اور لمبی عمر پاتے ہیں۔

تیرہواں دن

یہ لوگ ادراک اور فراست کے مالک ہوتے ہیں کھوج لگانے کی صلاحیت رکھتے ہیں صاحب وجدان ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر افراد سچے خواب دیکھتے ہیں۔

چودہواں دن

یہ لوگ اپنی ذاتی کشش کے ذریعے دوسروں کا تعاون اور مدد بآسانی حاصل کر لیتے ہیں۔

پندرہواں دن

ان لوگوں کو ساری زندگی بے حد وفادار اور مددآور دوستوں اور مددگاروں کا ساتھ حاصل رہتا ہے لیکن جسمانی لحاظ سے یہ خاصے کمزور ہوتے ہیں۔

سولہواں دن

تجارت کرنا ان کے لئے خوش بختی لاتا ہے لیکن ان کے عادات واطوار اور گفتگو میں ایک عجیب سا بے جوڑ پن پایا جاتا ہے۔ یعنی یہ ایکا ایکی کچھ کر یا کہہ بیٹھتے ہیں روپیہ خود بخود کھینچ کر ان کے پاس آتا ہے۔

سترہواں دن

اس دن پیدا ہونے والے افراد کے دماغ پر دل کی حکومت ہوتی ہے۔ بیوقوفی کی حد تک ضدی ہوتے ہیں اور کچھ بہت بدقسمت تعلقات قائم کر لیتے ہیں۔

اٹھارہواں دن

یہ بے حد ہنرمند اور باہمت ہوتے ہیں، لمبی عمر پاتے ہیں زندگی میں بے شمار مشکلات سے واسطہ پڑتا ہے لیکن ان پر قابو پا لیتے ہیں۔

انیسواں دن

یہ اچھے دوست ہوتے ہیں لیکن اگر دشمن ہو جائیں تو بہت سخت ثابت ہوتے ہیں دل میں عداوت رکھنے والے اور حاسد ہوتے ہیں محبت کے معاملات میں بڑا حاکمانہ رویہ رکھتے ہیں۔

قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق واثرات
سعادت ونحوست کا حساب، حیرت وتجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

۴۵۰ صفحات

Postage Rs: 50

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی عاملیت وکاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا کے تجربات ومشاہدات پر اسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام'' ''ناشون'' ہیں



قیمت: ۵۰۰ روپے

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

بیسواں دن

اس دن پیدا ہونے والے افراد کو دوستوں کے انتخاب میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہئے اس لئے کہ بری صحت ان کی قسمت کو بری طرح متاثر کرسکتی ہے یہ اپنی وجدانی صلاحیتوں پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ انہیں پروان چڑھانے کے لئے روحانی طریقے اختیار کریں۔

اکیسواں دن

اپنی ذات میں گم رہنے والے اور اپنے ارادوں پر عمل کرنے والے ہوتے ہیں لیکن جسمانی لحاظ سے مضبوط ہوتے ہیں۔ بیمار پڑنے کی صورت میں صحتیاب بھی جلد ہوجاتے ہیں۔

بائیسواں دن

یہ لوگ خوش مزاج ہوتے ہیں اور ان لوگوں میں سے ہوتے ہیں جن سے بہت زیادہ محبت کی جاتی ہے۔ دوستوں کی تعداد خاصی ہوتی ہے۔

تیئسواں دن

یہ لوگ غیر ممالک کا سفر کرتے ہیں اور اکثر منتخبہ کیریئر کی وجہ سے خاندان اور دوستوں کو چھوڑ جاتے ہیں بڑے خشک کلام اور اکھڑ ہوتے ہیں۔

چوبیسواں دن

غیر معمولی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں ان صلاحیتوں کی اگر نشوونما کی جائے تو مشہور ہوسکتے ہیں۔

پچیسواں دن

یہ لوگ مہم جو ہوتے ہیں۔ خطرات کی پرواہ نہیں کرتے۔ ضدی اور سرکش بھی ہوسکتے ہیں۔

چھبیسواں دن

ان دن پیدا ہونے والے افراد بہت زیادہ دولت مند ہوجاتے ہیں یا عزت پاتے ہیں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ فطری صلاحیتوں کو استعمال کیا جائے اور کوشش کی جائے۔

ستائیسواں دن

اس دن پیدا ہونے والے ملنسار اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔ عموماً بچے خواب دیکھتے ہیں اور صاحب وجدان ہوتے ہیں۔

اٹھائیسواں دن

رشتہ داروں اور دوستوں کے پسندیدہ ہوتے ہیں تاہم جسمانی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اور ضرورت سے زیادہ تھکن کا اکثر شکار رہتے ہیں۔

انتیسواں دن

اس دن پیدا ہونے والوں کو بہت سی مشکلات یا مصائب پر قابو پانا پڑتا ہے۔ لیکن کیریئر کے لحاظ سے کامیاب زندگی گزارتے ہیں اور شادی شدہ زندگی بھی خوشگوار ثابت ہوتی ہے۔

تیسواں دن

اس دن پیدا ہونے والے آرٹ یا سائنس کی دنیا میں نام پیدا کرتے ہیں اور اکثر زندگی ہی میں خوش بختی اور خوشیاں پالیتے ہیں۔

یہ تمام قمری اشارے یا علامات قدرتی طور پر اس سوال کو جنم دیتی ہیں کہ کیا یہ تمام باتیں (جو اوپر بیان کی گئی ہیں) درست ثابت ہوتی ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایک لمبے عرصے کے مشاہدے کے بعد یہ باتیں بیان کی گئی ہیں اور لمبے مشاہدے کے بعد جب کوئی بات بیان کی جاتی ہے تو اس میں کچھ نہ کچھ حقیقت ضرور ہوتی ہے۔ قدیم زمانے سے لوگ قمر کی ''مخصوص قوت'' پر یقین رکھتے ہیں زمانے کی مانند یہ یقین بھی قدیم ہے اور وہ چیزیں یا عقائد جو وقت کی آزمائش پر پورے اترتے ہیں عموماً سچ ثابت ہوتے ہیں۔

گرہن کے وقت کی پیدائش

وہ لوگ جو قمری گرہن سے ذرا پہلے یا قمری گرہن کے دوران پیدا ہوتے ہیں ''چیزوں کو ختم کرنے'' میں بڑے ماہر ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اکثر وہ لوگ جو عمارات ڈھانے اور سڑکیں توڑنے کا کام کرتے ہیں انقلابی افراد (جو لہراتی حکومت کا خاتمہ کردیتے ہیں) اور مصلح ایسے ہی وقت پیدا ہوتے ہیں اور قمری گرہن کے وقت پیدا ہونے والے بہت جذباتی ہوتے ہیں اور کسی بھی تنقید یا جملے کو دل پر لے لیتے ہیں اور ساری زندگی مختلف شخصیتوں کی محبت میں گرفتار ہوتے رہتے ہیں۔

قمری گرہن کے فوری بعد (جب قمر گرہن کے سائے سے نکل آتا ہے) پیدا ہونے والے افراد عورتوں سے تعلقات میں، معاملات اور کاموں کو شروع کرنے میں اور بالکل صفر سے کسی چیز کو شروع کرکے کسی بڑی چیز کو تشکیل کے لحاظ سے بہت خوش قسمت ہوتے ہیں۔ وہ کوئی کاروبار یا کوئی بھی چیز صرف ایک پائی سے شروع کرکے اُسے عظیم الشان بنادیتے ہیں۔ ان کے زائچہ میں خواہ کتنے ہی کواکب مقابلے پر ہوں یا لوگ یا حالات ان کی راہ میں خواہ کتنی ہی رکاوٹیں کھڑی کریں یہ ہر مرحلے پر ہر چیز سے فائدہ اُٹھانا جانتے ہیں اور بام عروج پر پہنچ جاتے ہیں۔

ایک قمری روایت ہے جسے توہم پرستی بھی کہا جاسکتا ہے تاہم دنیا کے بیشتر ممالک میں لوگ اس پر یقین رکھتے ہیں اور عمل بھی کرتے ہیں جو یوں ہے کہ پہلی بار آپ نئے چاند کو آسمان پر دیکھیں تو آپ کے پاس جس قدر سکے اور کاغذی کرنسی ہو اُسے تین دفعہ پلٹیں۔ اس کے بعد آسمانوں کی اس ملکہ کے سامنے عورتیں ذرا سا سر جھکائیں جبکہ آدمی ذرا زیادہ جھکیں یہ بھی تین بار کریں۔ کہا جاتا ہے کہ ایسا کرنا آنے والے قمری مہینے میں زائد خوش بختی لاتا ہے۔ آپ بھی آزمائیں۔ آپ کو خود پتہ چل جائے گا کہ کس حد تک اس میں حقیقت ہے۔

آسمانوں کی ملکہ

یہ عقیدہ اس زمانے سے ہے جب چاندی کے سکوں پر قمر کی علامت بنائی جاتی تھی۔ قدیم زمانے کے لوگوں کا یہ عقیدہ تھا کہ کوئی بھی چیز جو

گول ہو اور چاندی سے بنی ہوئی ہو آسمانوں کی ملکہ کے نزدیک قابل احترام ہوتی ہے دنیا بھر میں جہاں جہاں دیواروں اور چھتوں پر رنگین تصاویر بنانے کا رواج ہے وہاں اس قدیم عقیدے کو تصویری شکل میں دیکھا جا سکتا ہے۔ جن میں غلاموں کو چاندی کے سکوں اور سفید پھولوں سے بھری ہوئی ٹوکریاں اُٹھائے ہوئے دکھایا گیا ہے اس لئے کہ چاندی کے سکے اور سفید پھول قمر کے لئے قابل احترام تصور کئے جاتے تھے۔

پرانے زمانے میں کسان کنوؤں کی شکل بالکل گول رکھتے تھے کیونکہ اُن کے خیال کے مطابق ایسا کرنا خوش بختی لاتا ہے اس کے بعد خوش بختی میں اضافے کے لئے وہ چاند کا عکس حوض کے پانی میں دیکھتے تھے عورتیں نئے چاند کی روشنی میں تالابوں اور حوضوں میں نہائی تھیں تاکہ آنے والا قمری مہینہ اُن کے لئے خوش قسمتی لائے اس کے علاوہ یہ بھی عقیدہ پایا جاتا تھا کہ اس وقت نہانے سے نئے چاند اور مکمل چاند کی درمیانی مدت میں حاملہ ہونے کی قوت بڑھ جاتی ہے۔

اگرچہ موجودہ دور میں علم نجوم نے اپنے آپ کو ان قدیم عقائد سے بالکل الگ کر دیا ہے تاہم لوگ ان عقائد میں آج بھی اتنی ہی دلچسپی لیتے ہیں جتنی پہلے لیتے تھے۔

آپ بھی ان قمری عقائد اور روایات کی آزمائش کریں۔ یہ روایات اور عقائد اپنے اندر ایک پوری دنیا سمائے ہوئے ہیں۔

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے۔ اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں۔ دانت نکلنے سے بچوں کو جو تکلیفیں ہوجاتیہیں۔ مثلاً دست آنا' آنکھیں دکھنا' درد' بخار طبیعت کا چڑچڑا پن وغیرہ ان سب سے بچہ محفوظ رہتا ہے۔ اگر اس برقی فیتہ کو ایسے درخت پر باندھ دیں جس پر کیڑے پیدا ہو کر اسے تباہ کر رہے ہوں۔ تو کیڑے دور ہو جائیں گے۔

ہدیہ ۱۵۰ روپے محصولڈاک ۶۵ روپے

(قسط ۱)

جسمانی بیماریوں پر دماغ کے اثرات

اسٹریس یا دباؤ کی صورت میں جسمانی بیماریوں کے خدشات بڑھ جاتے ہیں جسم کے مدافعتی نظام جس طرح کسی صورتحال پر ردعمل ظاہر کرتا ہے اس سے ڈپریشن اور سخت تھکن پیدا ہو سکتی ہے اگرچہ دماغ اور باقی جسم کا عمل نظام اپنے افعال اور تنظیم میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن ایک حیاتی کیمیائی سطح پر ان میں باہمی ربط پایا جاتا ہے۔ اس حقیقت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ دوائیں جو روایتی طور پر دماغی امراض کے لئے استعمال کی جاتی ہیں جسم کی مختلف سوزشوں کو دور کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوسکتی ہیں اسی طرح جسمانی صوبتیں' درد اور تکلیف دور کرنے والی دوائیں ذہنی مسائل میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

قدیم زمانوں سے یہ یقین رہا ہے کہ جسمانی بیماریوں میں ذہن کا کردار بہت اہم ہوتا ہے قدیم یونانیوں سے لے کر بیسویں صدی کے آغاز تک معالج اور مریض دونوں ہی اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ ذہن بیماری پر اثر ڈالتا ہے چنانچہ اس اصول کا اطلاق عوارض کے علاج پر ہی ہوتا تھا۔

اینٹی بائیوٹک یا ضدحیات دواؤں کی دریافت کے بعد ایک نیا خیال رائج ہوا کہ جراثیم سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں یا سوزش درد اور تکلیف پیدا کرنے والی بیماریوں کا علاج صرف یہ ہے کہ جسم سے بیماریوں کے ظاہری سبب کو دور کر دیا جائے۔ اس عرصہ میں یہ حقیقت عام طور پر نظرانداز کر دی گئی کہ کسی بیماری کے ضمن میں جسم کا اپنا ردعمل کیا ہوتا ہے اور یہ پیدا کیسے ہوتی ہے؟

طبی تحقیقین نے عام طور پر اسے زیر غور لانا چھوڑ دیا نئے آلات نے اس نظام کی جانچ پڑتال کو ممکن بنا دیا جو جسم کے مزاحمتی نظام اور دماغ کے درمیان جال کی طرح پھیلا ہوا ہے یہ وہ جال ہے جو دماغ اور جسم کے درمیان تیزی سے اور مسلسل سگنل بھیجتا رہتا ہے۔ وہ کیمیائی مادے جو مزاحمتی نظام کے خلیات سے پیدا ہوتے ہیں دماغ کو سگنل بھیجتے ہیں اس کے جواب میں دماغ مزاحمتی نظام کو ہدایات بھیجتا ہے یہی کیمیائی سنگل رویئے' برتاؤ اور اسٹریس کی صورت میں انسانی ردعمل پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس رابطہ میں کسی بھی طرح خلل واقع ہوسکتا ہے یہ خلل موروثی ہوسکتا ہے بعض دواؤں کے ردعمل سے پیدا ہوسکتا ہے' زہریلے اجزاء جسم میں جمع ہونے سے ہوسکتا ہے یا سرجری کے نتیجہ میں ممکن ہے۔ ایسی صورت میں نظام جن بیماریوں کے خلاف محافظ کا کام انجام دیتے ہیں وہ بیماریاں لاحق ہوجاتی ہیں۔ ان بیماریوں میں تمام جسمانی عوارض کے ساتھ موڈ یا رویوں کی خرابیاں بھی شامل ہیں۔ اس تحقیق کے طبی فوائد بے تحاشا ہیں۔ بہت سی بیماریوں کا علاج دریافت ہوسکتا ہے۔ کیونکہ ایسی دوائیں جن کے بارے میں سمجھا جاتا تھا کہ وہ صرف اعصابی بیماریوں کے لئے مفید ہیں۔ جسمانی بیماریوں کے لئے بھی مفید پائی گئی ہیں اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ہماری ذہنی حالت کا ہماری قوت مزاحمت یا بیماری سے جلد چھٹکارا پانے کی صلاحیت پر کیا اثر ہوتا ہے؟ مثال کے طور پر کسی انسان کو جب ایسی کسی صورتحال سے واسطہ پڑے جس میں جان جانے کا خطرہ ہو تو دماغ کا عمل تیز رفتار ہوتا ہے وہ تمام تر توجہ خوف کے عمل پر مبذول کرتا ہے۔ وہ ہمیں اضطراری طور پر صورتحال کا مقابلہ کرنے یا اس سے راہ فرار اختیار کرنے پر ابھارتا ہے چاہے یہ صورتحال سوتے ہوئے' کھاتے ہوئے یا ازدواجی تعلقات انجام دیتے وقت ہی کیوں نہ درپیش ہو۔

(قسط ۱)

علم جفر

جفر کے متعلق میں پہلے بھی بیان کر چکا ہوں کہ یہ جعفر سے مخفف نہیں جیسا کہ بعض لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کثرت استعمال سے جفر ہو گیا ہے اور جو لوگ اسے جانتے ہیں کہ امام جعفرؒ سے اس کا تعلق ہے تو اب وہ کیوں علم جعفر نہیں کہتے آخر دانستہ اتنے بڑے بزرگ کا نام بگاڑ کر لینا بے ادبی نہیں؟ علم جعفر کہنے میں کونسی طوالت ہے۔

جفر کے معنی عربی لغت میں دیکھیں تو کہیں یہ لکھا ہوا نہیں ملے گا کہ جفر جعفر کا مخفف ہے اس کے معنی ہیں چمڑے کے متعدد لکھے ہوئے ورق یا ایک جگہ سے نکلنے والی ندیاں۔ اسلام آنے سے قبل یہود بھی جفر جانتے تھے جیسا کہ اکثر جگہ تذکرہ ملتا ہے۔ مثلاً ایک حدیث ہے کہ ایک یہودی نے الم سن کو اپنی قوم کو کہا کہ اسلام صرف ۷۱ برس رہے گا۔

میرے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا چھٹا اور ساتواں حصہ ہے جو ابجد کے خواص اور اعداد اور موکلات و مہروں سے متعلق ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ علم حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اُتارا گیا۔

یعنی یہ علم انبیاء علیہ السلام کا ہے اور ان کے بعد درجہ بدرجہ اور سینہ بسینہ چلتا ہوا حضرت امام جعفرؒ کو بھی مل سکتا ہے بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ آپ نے بھی چند نکات بیان فرمائے ہیں۔ اس علم کے دو حصے ہیں ایک علم الاخبار دوسرا علم الآثار۔ علم الاخبار کا مطلب ہے خبر حاصل کرنا۔ یا سوال کا جواب حاصل کرنا علم الآثار کا مطلب ہے حروف کے خواص سے اس جہاں رنگ و بو میں اپنی مرضی کے مطابق تبدیلی لانا۔

چونکہ یہ علم انبیاء میں سے ہے لہذا اس میں ایک خاص خصوصیت ہے کہ یہ تمام طریق پر کسی کو نہیں آتا۔ یہ علماء کا ورثا ہے اور خاص خاص علماء کے فہم تک اس کی رسائی ہوتی ہے یہ علماء وہ ہوتے ہیں جن کے قلب پر واردات اترتی ہیں اور وہ متقی لوگ ہوتے ہیں یا یوں سمجھ لیں کہ جب تک آپ اپنے کو وارث علوم انبیاء ثابت نہ کریں اس وقت تک ادراک تک نہیں پہنچتا۔ جس شخص پر عنایت ایزدی ہو گی۔ اس کو آ کر فرشتے بھی تعلیم دے دیتے ہیں۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ میں کسی کو کوئی راز بتا دوں تو نہیں بتا سکتا۔

اس علم کی علم الاخبار کی شاخ وک مستحصلہ کہتے ہیں اس کا جواب قلب پر وارد ہوتا ہے۔ بعض اصحاب نے چند گوشے اس علم کے بے نقاب کئے ہیں۔ لیکن اخبار کی کتابوں کا اردو میں ترجمہ نہیں ہوا یا یوں سمجھیں کہ نہیں ہو سکتا۔ جن لوگوں نے جرأت کر کے چند مستحصلہ ترتیب دیئے ہیں وہ اس لئے گراں ہیں کہ عربی ابجد کے ۲۸ حروف ہیں اور اردو میں ۳۵ حروف ہیں جو بھی ترجمہ کریں گے اس مستحصلہ سے اردو میں کیسے جواب نکال سکیں گے۔

ابجد کے ۲۸ حروف ہیں اور ان کے جوڑوں سے جو حروف بنتے ہیں وہ ایک لا متناہی سلسلہ ہے دنیا کی بے شمار زبانیں اسی قسم کے حروف سے بنتی ہیں اور قیامت تک یہ سلسلہ ختم نہ ہو گا جہاں تک مستحصلہ کا تعلق ہے اگر چند حروف متشابہ نکال دیئے جائیں تو بھی نفس کلام میں فرق نہیں پڑتا مثلاً ث یا س یا ص کو لیں۔ ان کی آوازیں متشابہ ہیں اگر سلام کو صلام کر کے لکھیں یا ثابت کو سابت کر کے لکھیں تو بولنے میں حرف تو صحیح آئے گا۔ مگر املاء میں قوم کا یہ تسلیم شدہ طریقہ نہیں کہ ثابت کو سابت کر کے لکھا جائے یہ کوئی قرآنی آیات تو ہے نہیں کہ ضرور ثابت کو ثابت ہی لکھو۔ لیکن جب قوم نے مان لیا کہ ثابت کو سابت نہیں لکھا جا سکتا ورنہ غلط ہو گا تو اس لئے سب ثابت لکھتے ہیں تا کہ صحیح لکھا جا سکے۔ مستحصلہ میں اسی لئے بعض حروف کے بدلنے کو جائز سمجھتے ہیں جب کلمات صحیح نہ بن سکیں۔

بات یہ ہے کہ ہماری اردو زبان میں ۲۸ حروف نہیں بلکہ زیادہ ہیں اور وہ ۲۸ حروف میں لکھی بھی نہیں جا سکتی غلط ہو جائے گی جیسے پ، ٹ، چ، ڈ، ڑ، ڑ، گ وغیرہ حروف ابجد میں نہیں ہیں علم جفر تو ۲۸ حروف سے مکمل ہے لیکن جب اسے اردو میں لانا ہو گا۔ تو یا تو چند حروف کا اضافہ کرنا ہو گا اور نئے قواعد مرتب کرنے ہوں گے کیونکہ ہمارے ناموں میں کلام میں ان حروف کا آنا ضروری ہے۔ لیکن ابجد میں چونکہ آپ اضافہ نہیں کر سکتے اور نئے قواعد مرتب کرنے کی ہمت بھی نہیں یا اتنا علم ہی نہیں کہ اس میں یہ کمال پیدا کر سکیں تو پھر بہتر بھی ہے کہ سوال عربی زبان میں لکھیں اور جواب حاصل کریں۔ قدیم قواعد کام دیں گے۔ ہمارے ہاں سینہ زوری یہ ہے ۲۸ حروف کے علم کو ۳۵ حروف سے تقسیم کرتے ہیں جو ناممکن ہے یہی وجہ ہے کہ بے شمار مستحصلے ہیں اور اتنے ہی اُن کے قواعد ہیں کسی ایک طریقہ سے تمام نہ سہی بہت سارے سوال حل نہیں کئے جا سکتے۔

انجن ایک خاص اصول کے تحت بنتا ہے آگ اور پانی کی ترکیب سے ریل چلتی ہے لیکن آپ کئی برتن میں پانی ڈال کر یا الٹے سیدھے پرزے جوڑ کر منوں کوئلہ ڈالیں اور بے شمار پانی استعمال کریں مگر انجن نہ چلے گا۔ خاص ترکیب و ترتیب سے ہی تھوڑا سا پانی بھاری گاڑیوں کو کھینچے چلا جا رہا ہے ذرا سی بے قاعدگی یا بے ترتیبی سارے کام کو ختم کر دے گی۔ کیا یہ بے قاعدگی نہیں کہ ۲۸ حروف والے کام ۳۵ حروف سے لئے جائیں جو کل پرزے اس میں ہیں ہی نہیں اس کو کہیں لگا کر انجن میں یا اس کو قوت میں کیا اضافہ کر سکتے ہیں بہر حال یہ تو ایک مثال تھی۔ میرا مفہوم ہے اسے آپ سمجھ سکتے ہیں۔

۲۸ حروف میں اور حروف کا اضافہ کر دیا جائے تو ایک تو اعداد کا مقرر کرنا مشکل ہو جائے گا پھر اس کی تقسیم میں مشکلات آئیں گی مثلاً ۹ حرف اکائی کے ۹ حرف رہائی کے ۹ حرف سینکڑے کے ہیں صرف ہزار کا ایک حرف غ ہے۔ حالانکہ صرف ایک ہزار نہیں ہوتا۔ کئی ہزار ہوتے ہیں۔ جفر والے

یوں کرتے ہیں کہ دو ہزار ہوئے تو دو غ لکھ دیئے چار ہزار ہوئے تو چار غین لکھ دیئے- بات یہ ہے کہ ہمارے پاس اور حروف ہی نہیں- ہزاروں کو حروف کہاں سے دیں گے- دس ہزار- بیس ہزار- تیس لاکھ- تیس کروڑ اس کو کیسے لکھیں گے- یا یوں سمجھ لیں کہ یہ اعداد مستحصلہ کی قوت سے باہر ہیں اگر کوئی شخص یہاں سے چھبیس ہزار میل کے فاصلہ پر ہے تو مستحصلہ اسے نہیں بتا سکتا- یا ایک شخص کے بنک میں لاکھوں روپے جمع ہیں مستحصلہ ان کے اعداد کو ظاہر نہیں کر سکتا- میرا مطلب یہ ہے کہ جس طرح عدد لامتناہی ہیں حروف لامتناہی نہیں حروف محدود ہیں جس زبان میں مستحصلہ کے قواعد ہیں ہماری زبان صحیح طور پر ان پر تقسیم نہیں ہو سکتی ہماری زبان میں ان زائد حروف کا آنا ناگزیر مسئلہ ہے-

پھر یہ کہ زبان کے لب ولہجہ میں تبدیلی آتی رہتی ہے- پھر ہر صوبہ اور ہر شہر کی زبان جداگانہ ہوتی ہے بلکہ بعض شہروں کے بعض حصوں میں زبان کا فرق ہوتا ہے ہند سے آنے والے لوگوں کی عورتوں کے نام نصیبن، شریفن، حمیدن ہوتے ہیں- پنجاب میں ایسے نام نہیں ہوتے بعض لوگ ان کو نصیباً، شریفاً کر کے لکھتے ہیں آج کل عربوں کا تعلق دیگر قوموں سے بھی ہے لہذا اس وقت کی عربی پہلی عربی سے قطعاً مختلف ہے-

اہل علم واقف ہیں کہ موجودہ عربی قدیم عربی سے مختلف ہے اگر ہم یوں کہیں کہ ہم عربی زبان کے جدید الفاظ کو نہیں لیتے- قدیم عربی لیں تو مشکل یہ ہے کہ اردو خود ایک جدید زبان ہے عربوں کا تعلق ہندوستان سے نہ تھا جو حروف سنسکرت اور ہندی کے ہیں ان کا بدل ابجد سے کیسے قائم کریں گے-

ابجد میں دو حرفوں کا بدل عربی سے مل جاتا ہے مثلاً گاف یا پ دونوں قدیم فارسی کے الفاظ ہیں عربی میں ان کا بدل گاف کا جیم سے اور پ کا ف سے کیا گیا ہے جیسے گیلان کا چیلان اور پارسی کا فارسی مگر جو حرف خالص ہندی کے ہیں ان کا بدل پرانی زبان میں بھی نہیں ہے- جیسے ٹ، ڈ، ڑ-

ابتدائے زمانہ میں حروف پر زیر زبر بھی نہ تھیں بلکہ حروف کے جوڑ بھی نہ تھے- وجہ یہ تھی کہ نوشت وخوند میں اس قدر تحقیقات نہ تھیں جس قدر اب ہیں عربوں میں شعر وشاعری ایک عظیم ورثہ تھا وہ لوگ اشعار کو لکھتے نہ تھے بلکہ حافظہ سے کام لیتے تھے اور یاد کر لیتے تھے ان کو شجرے بھی زبانی یاد تھے-

ہم اب بھی عام لکھتے ہیں اردو پر زیر زبر نہیں لگاتے حروف متشابہات کو استعداد سے پڑھ لیتے ہیں ب اور ت پر نقطے نہ بھی لگائیں تو بھی حروف کو صحیح پڑھ لیں گے- یہی حالت عربوں کی تھی-

جب اسلام نے اپنا جھنڈا گاڑا تو لوگوں کے لئے عربی زبان کا صحیح پڑھنا مشکل ہو گیا تھا چنانچہ حجاج بن یوسف نے علامہ نصر بن عاصم سے کہہ کر قرآن مجید پر اعراب لگائے اور نقاط مقرر کئے تا کہ حروف متشابہ کو تمیز کیا جا سکے اور قرآن صحیح طور پر پڑھا جا سکے اور ب- ت- ث کو نقاط سے ممیّز کر دیا- لیکن ابھی تک حروف میں وصل نہ تھا سب حروف جدا جدا لکھے جاتے تھے شیخ علی بن ہلال سمنانی نے حروف ہجا کو ایک دوسرے سے وصل کے کے لکھا لیکن زیر زبر اور مدات وغیرہ پھر بھی علیحدہ ہی رہنے دیں-

خط کا یہ طریقہ ۱۳۶ ہجری تک تھا ابو جعفر منصور عباسی کے عہد حکومت میں خط کوفی شروع ہوا اور شیخ علی بن ہلال نے خط میں خوبصورتی پیدا کی۔

ابجد کے ۲۸ حروف ہیں- اردو کے ۳۵ ہیں- اب تک کوئی ایسی کتاب نظر سے نہیں گزری جس میں متبادل حروف کا کوئی خاص قاعدہ لکھا ہو- سات زاید حروف کے اردو میں بکثرت ایسے حروف ہیں جو مستعمل ہیں مثلاً گھوڑا- ربڑ- ٹاٹ- چھالیہ وغیرہ عربی ابجد میں گھ نہیں- ڈ نہیں- ٹ نہیں- چھ نہیں- گھ اور چھ کو دو حرف گنیں اور چ حرف نہیں ہیں اس کے لئے کوئی قاعدہ مرتب کرنا بھی مشکل ہے اس لئے کہ زبنیں تو بدلتی رہتی ہیں- میرا طریقہ یہ ہے کہ پ کے عدد ب کے مطابق گ کے ک کے مطابق چ کے ج کے مطابق ڈ کے د کے مطابق ڑ کے ر کے مطابق ژ کے ز کے مطابق عدد لیتا ہوں- یہ میری ایک اختراع ہے جس سے میں کام لیتا ہوں-

اس طرح حروف کی ستاروں پر تقسیم بھی ہے ۲۸ حروف کو سات ستاروں پر تقسیم کر لیا گیا- بلکل صحیح ہے- لیکن پرویز- چپلن- ٹیک چند- گلاب خان- چنن دین- ان کا ستارہ کونسا ہوگا؟ یہ حروف تو ابجد میں ہیں ہی نہیں- اب جفار کو ستارہ بنانا بھی مشکل ہے جفر تو عربی علم ہے لہذا حروف کا جو بھی بدل آپ اختیار کریں گے- وہ ذاتی ہوگا- حتمی نہیں- مثلاً میں نے یہ بتایا ہے کہ میں پ کا عدد ب کے مطابق لیتا ہوں- لیکن میں پہلے لکھ چکا ہوں کہ عربی میں پ کا بدل ف ہے جیسے پیل کا فیل یا پارسی کا فارسی ہے- پ کا بدل ب نہیں ہے اور میرے حساب سے پ کے ۲ عدد ہوئے مگر متبادل حروف جو رائج ہے وہ ف ہے اس کے ۸۰ عدد ہوتے ہیں- اب میں نے گاف کے عدد کاف کے مطابق ۲۰ لئے مگر عربی میں گ ہے ہی نہیں-

ان کا لفظ جیلان ہے عدد اس کے بدل گئے گ کے ۲۰ کی بجائے ۳ عدد رہ گئے ہیں عربی زبان کو ف مان کر ۸۰ عدد لیتا ہوں لیکن اگر آپ کی تحقیق اس سے مختلف ہو تو جس طرح چاہیں حروف کو تبدیل کریں میری تحقیق پر جانے کی یا میری تقلید کرنا کوئی ضروری نہیں- لیکن یہ جان لیں کہ علم علم نہ رہے گا من مانے اعداد اور من مانی تحقیق پر چلنا بھی حدود علم سے باہر ہوتا ہے- اگر میری تحقیق کے خلاف چلیں گے- تو لازمی کوئی مستند طریقہ آپ کو اختیار کرنا پڑے گا جس کی توضیح کرنا میرے لئے مشکل ہے-

برنی روزانہ کواکبی گائیڈ
۲۰۱۸ میں سال کے
سارے عملیات کے
اوقات دیئے جاتے ہیں
اپنا آڈر لکھوائیں

کرامات

امام مستغفریؒ کتاب دلائل النبوۃ میں لکھتے ہیں کہ کرامات اولیاء حق ہے۔ جس پر کتاب اور احادیث صحیحہ اور اجماع اہل السنۃ والجماعۃ شاہد ہے۔ کتاب اللہ تو یہ ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جب حضرت ذکریا علیہ السلام مریم کے پاس آتے۔ تو ان کے پاس رزق پاتے۔ اہل تفسیر کہتے ہیں کہ ان کے پاس میوے دیکھے جاتے تھے۔ گرمیوں کے میوے جاڑے میں اور جاڑے کے میوہ گرمیوں میں۔ اور مریم رضی اللہ عنہا بالاتفاق نبی نہ تھیں۔ پس یہ آیت کرامات اولیاء کے منکر پر حجت ہے۔

اور کتاب کشف المحجوب میں ہے کہ خداوند تعالیٰ نے قرآن شریف میں صریح الفاظ میں ہم کو آصف بن برخیا کی کرامت کی خبر دی ہے۔ کہ جب حضرت سلیمانؑ کو اس کی ضرورت ہوئی کہ بلقیس کے تخت کو اس کے آنے سے پہلے وہاں حاضر کر لائے۔ تو خداوند تعالیٰ نے چاہا کہ آصف کی بزرگی لوگوں کو دکھائے۔ اور اس کی کرامت کو ظاہر کرے۔ اور اہل زمانہ کو دکھلا دے۔ کہ اولیاء کی کرامت جائز ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ تم میں سے کوئی ہے کہ بلقیس کے تخت کو اس کے آنے سے پہلے یہاں حاضر کردے۔ قال عفریت من الجن اناتیک به قبل ان تقدم من مقامك (یعنی میں آپ کے پاس اس کو چشم زدن سے پہلے لادونگا) اس بات سے حضرت سلیمان نے کچھ انکار نہ کیا اور اس کو یہ امر محال معلوم نہ ہوا۔ اور یہ کسی حال میں معجزہ نہ تھا۔ کیونکہ آصف پیغمبر نہ تھے۔ پس بالضرور کرامت ہوگی۔

اور اصحاب کہف کا قصہ اور ان کے کتے کا باتیں کرنا اور ان کا سوتے رہنا۔ اور غار میں دائیں بائیں کروٹ بدلنا۔ یہ بھی کرامات میں ہے۔ قران پاک میں ہے۔ وقلیهم ذات الیمین و ذات الشمال و کلیهم باسط وراعیه بالوصید (اور ہم ان کی کروٹ دائیں بائیں بدلتے رہتے ہیں۔ اور ان کے کتے نے اپنے ہاتھوں کو غار کے چوکھٹ کے آگے پھیلا رکھا ہے۔)

کرامات کا سنت سے یہ ثبوت ہے کہ حدیث میں یوں آیا ہے ایک دن صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا یارسول اللہ اور ہم کو پہلے لوگوں کی عجائبات میں سے کچھ بیان فرمائیے۔

فرمایا کہ تم سے پہلے تین شخص ایک ساتھ جاجارہے تھے جب رات ہوگئی تو انہوں نے ایک غار کا قصد کیا اور اس کے اندر چلے گئے جب کچھ رات گذری تو پہاڑ پر سے ایک پتھر گرا جس سے غار کا در بند ہوگیا۔ یہ لوگ حیران رہ گئے کہ ہم کو یہاں سے کون شخص نکالے گا۔ مگر ہاں یہ صورت ہوسکتی ہے کہ ہم اپنے اپنے وہ عمل خداوند کریم کی جناب میں پیش کریں کہ جو بے ریا کئے ہوں اور ان کو اپنے شفیع بنائیں۔

ایک نے کہا الٰہی میرے والدین تھے۔ اور میرے پاس دنیا کے مال میں سے سوا ایک بکری کے کچھ نہ تھا کہ جس کو والدین پر خرچ کرتا۔ اس کا دودھ ان کو پلایا کرتا تھا۔ دن بھر لکڑیاں جنگل سے لاتا اور اس کی قیمت سے کھانے کا بندوبست کرتا۔ ایک دن مجھ کو زیادہ دیر ہوگئی۔ یہاں تک کہ میں نے بکری کو دوہا۔ اور ان کا کھانا دودھ میں ملادیا۔ اتنے میں والدین سو گئے تھے۔ میں دودھ کا پیالہ لے کر کھڑا ہوگیا اس انتظار میں کہ یہ خود بیدار ہوں گے تو دوں گا۔ وہ سوتے رہے۔ یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ پھر وہ بیدار ہوئے اور کھانا کھایا۔ تب میں بیٹھا اور کہا کہ الٰہی اگر میں اس بات میں سچا ہوں تو میری فریاد رسی کر۔ اور پتھر کو سرکا دے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ وہ پتھر ہل گیا۔ اور سرکا کر جس سے روشنی معلوم ہونے لگی۔

دوسرا شخص کہنے لگا کہ الٰہی میرے چچا کی ایک لڑکی تھی۔ جو حسین تھی۔ مجھ کو اس سے محبت پیدا ہوگئی۔ میں اس کو ہر چند بلاتا۔ مگر وہ نہ مانتی تھی۔ یہاں تک کہ ایک مواشرتی کچھ اوپر اس کو بھیجیں۔ حتیٰ کہ وہ مان گئی۔ اور ایک رات خلوت میں جمع ہوئے جب وہ میرے نزدیک ہوئی تو میرے دل میں خدا کا خوف پیدا ہوا۔ اس لئے میں نے اس سے ہاتھ روک لیا۔ الٰہی! اگر میں اس بیان میں سچا ہوں تو اس پتھر کو کھول دے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ وہ پتھر اور سرک گیا۔ اور شگاف زیادہ ہوگیا۔ مگر اتنا نہ ہوا کہ ہم باہر نکل سکیں۔

تیسرے شخص نے کہا کہ میں نے مزدوروں کو کام پر لگایا ہوا تھا۔ جب وہ کام کر چکے تو ان سب کی مزدوری دے دی۔ مگر ایک شخص گم ہوگیا۔ میں نے اس کی مزدوری کی قیمت سے ایک بکری خرید لی اور اس کے بچوں کی آمد جمع کرتا تھا۔ ایک سال دو سال دس سال بلکہ چالیس سال گزر گئے کہ وہ نہ آیا۔ مگر میں ان کے بچے برابر جمع کرتا رہا۔ آخر ایک دن وہ آیا۔ اور کہا کہ میں نے ایک وقت تمہارا کام کیا تھا۔ تمہیں یاد بھی ہے۔ اب مجھے اس حق اجرت کی ضرورت ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ جا یہ سب بکریاں تمہارا حق ہے۔ لے جا۔ اس شخص نے کہا کہ کیا مجھ سے مذاق کرتے ہو۔ میں نے کہا کہ میں مذاق نہیں کرتا۔ سچ کہتا ہوں کہ یہ سب جانور تیری ملکیت ہیں۔ لے جا۔ الٰہی اگر میں اس میں سچا ہوں تو اس پتھر کو اور سرکا دے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ وہ پتھر ایک دم وہاں سے بالکل سرک گیا اور وہ تینوں باہر آ گئے۔ اس واقعہ کو خرق عادت کہتے ہیں۔

دوسری حدیث جریج راہب کی ہے۔ اس کے راوی ابوہریرہؓ ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل میں ایک درویش تھا جس کا نام جریج تھا۔ یہ شخص مرد محنتی عابد تھا۔ اس کی ماں پردہ نشین تھی۔ وہ ایک دن اپنے فرزند کو دیکھنے آئی اس وقت وہ نماز میں تھا اس نے اپنے حجرہ کا دروازہ نہ کھولا۔ وہ لوٹ گئی۔ دوسرے اور تیسرے دن بھی آئی اور واپس گئی۔ آخر ماں نے تنگ آ کر کہا

کہ خدایا میرے بیٹھے کو رسوا کر اور میرے حق کے سبب اس کو پکڑ۔

اس زمانہ میں ایک بدخو عورت تھی۔اس نے ارادہ کیا کہ میں جریج کو گمراہ کردونگی۔اس کے حجرہ میں گئی۔جریج نے اد ہر توجہ نہ کی۔پھر اس نے راستہ میں ایک چرواہے کے ساتھ صحبت کی۔اور حاملہ ہوگئی۔جب شہر میں آئی کہنے لگی کہ یہ جریج کا حمل ہے۔جب اس نے بچہ جنا ۔لوگوں نے جریج کی عبادت خانے کا رخ کیا اور اس کو بادشاہ کے پاس لائے۔جریج نے کہا کہ اے بچے تیرا باپ کون ہے؟ بچہ نے کہا۔میری ماں نے تم پر افترا کیا ہے میرا باپ تو چرواہا ہے۔

ان والدین کے لئے جو اپنی اولاد کی تربیت، تعلیم، معاش

بچے اور ستارے

اور صحت کے سلسلہ میں تعمیری امیدیں رکھتے ہیں اور ان کی دنیاوی کامیابی کو خاندان کی سعادت اور بقاء سمجھتے ہیں۔

یہ کتاب بچوں کی تاریخ پیدائش سے چار امور کی رہنمائی کرے گی۔

۱ : اس کی تربیت کیسے کریں۔

۲ : اسے کون سی تعلیم دلائی جائے۔

۳ : اس کے لئے ملازمت کا یا کاروبار کا کونسا شعبہ خوش بختی لائے گا۔

۴ : اس کی صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے۔

علاوہ ازیں خاندان کے اہم ریکارڈ کے لئے ۳۲ صفحات میں۔

(۱) تاریخ ہائے ولادت اولاد (۲) خاندان کے افراد کی تاریخ پیدائش (۳) شادیوں کا ریکارڈ (۴) خاندان کے افراد (۵) اموات کا ریکارڈ

۱۵۰ صفحات ❁ خوبصورت جلد ❁ قیمت =/۲۸۰ روپے، علاوہ محصول ڈاک۔

ہر گھر بلکہ ہر فرد کے لئے اس کتاب کی ضرورت ہوگی۔

اوراق پبلشرز کراچی

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔استخراج آسان ہیں۔حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے۔اس میں سات باب ہیں۔

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا۔

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں۔جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں۔کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہو جائیں۔
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات و اصلاح عددین۔
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث ہندی، مثلث دو پایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صدر صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات۔
- اعمال وحب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۵۵۰ روپے محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ماہ جنوری

نام ایام	جنوری ۲۰۱۸ء	ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ	پوہ ۲۰۷۴ب	توقیعات	مقسوم نمبر	درجہ برج	عین وقت	شمس درجہدی	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالات
پیر	۱	۱۲	۱۸		۴			۱۱	سرطان	۱۳:۰۹	نثرہ	۱۳:۰۹		ترفع
منگل	۲	۱۳	۱۹	یورنس مستقیم	۵			۱۲			طرفہ	۹:۱۸	○	استقبال
بدھ	۳	۱۴	۲۰		۶			۱۳	اسد	۱۲:۲۲	جبہۃ	۵:۳۴		
جمعرات	۴	۱۵	۲۱		۷			۱۴			زہرہ	۲:۰۳		
											صرفہ	۲۲:۵۸		
جمعہ	۵	۱۶	۲۲		۸			۱۵	سنبلہ	۱۳:۱۱	عوا	۲۰:۲۴		اوج
ہفتہ	۶	۱۷	۲۳		۹			۱۶			سماک	۱۸:۲۶		
اتوار	۷	۱۸	۲۴		۱			۱۷	میزان	۱۷:۱۴	غفرہ	۱۷:۱۴		
پیر	۸	۱۹	۲۵		۲			۱۸			زبانہ	۱۶:۴۱		
منگل	۹	۲۰	۲۶	حضیض شمس	۳			۱۹			اکلیل	۱۶:۵۳	◒	ترنج دوم
بدھ	۱۰	۲۱	۲۷	قمر در عقرب	۴			۲۰	عقرب	۱:۰۴	قلب	۱۷:۳۹		ہبوط
جمعرات	۱۱	۲۲	۲۸	عطارد در جدی	۵			۲۱			شولہ	۱۸:۵۹		
جمعہ	۱۲	۲۳	۲۹		۶			۲۲	قوس	۱۲:۰۳	لغائم	۲۰:۳۸		طرح
ہفتہ	۱۳	۲۴	ماگھ		۷			۲۳			بلدہ	۲۲:۳۵		
۱اتوار	۱۴	۲۵	۲		۸			۲۴						
پیر	۱۵	۲۶	۳		۹			۲۵	جدی	۰۰:۴۱	ذابح	۰۰:۴۱		وبال
منگل	۱۶	۲۷	۴		۱			۲۶			بلعہ	۲:۴۷		
بدھ	۱۷	۲۸	۵		۲			۲۷	دلو	۱۳:۳۱	سعود	۴:۵۲	●	اجتماع
جمعرات	۱۸	۲۹	۶	زہرہ در دلو نیا چاند ☾	۳			۲۸			اخبیہ	۶:۴۵		
جمعہ	۱۹	جمادی الاول	۷	یکم جمادی الاوّل ۱۴۳۹ھ	۴			۲۹			مقدم	۸:۲۸		
ہفتہ	۲۰	۲	۸	شمس در دلو ♒	۵			دلو	حوت	۱:۲۵	موخر	۹:۵۰		حضیض
اتوار	۲۱	۳	۹		۶			۲			رشا	۱۰:۵۱		
پیر	۲۲	۴	۱۰		۷			۳	حمل	۱۱:۲۶	شرطین	۱۱:۲۶		
منگل	۲۳	۵	۱۱		۸			۴			بطین	۱۱:۲۸		
بدھ	۲۴	۶	۱۲	شرف قمر	۹			۵	ثور	۱۸:۳۸	ثریا	۱۰:۵۷		شرف
جمعرات	۲۵	۷	۱۳		۱			۶			دبران	۹:۴۸	◒	ترنج اول
جمعہ	۲۶	۸	۱۴	مریخ در قوس	۲			۷	جوزا	۲۲:۳۹	ہقعہ	۸:۰۶		فرح
ہفتہ	۲۷	۹	۱۵		۳			۸			ہنعہ	۵:۵۰		
اتوار	۲۸	۱۰	۱۶		۴			۹	سرطان	۲۳:۵۶	ذراعہ	۳:۰۴		ترفع
											نثرہ	۲۳:۵۶		
پیر	۲۹	۱۱	۱۷		۵			۱۰			طرفہ	۲۰:۳۲		
منگل	۳۰	۱۲	۱۸		۶			۱۱	اسد	۲۳:۵۲	جبہۃ	۱۷:۰۳		
بدھ	۳۱	۱۳	۱۹	عطارد در دلو چاند گرہن ☽	۷			۱۲			زہرہ	۱۳:۳۳	○	استقبال

کیا آپ کا برج جدی ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

شمس جب جدی میں داخل ہوتا ہے تو زندگی بلاشبہ بے حد سنجیدہ معاملہ بن جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ جدی سے متعلقہ افراد باعقل و باشعور ہوتے ہیں اور ان کی نگاہ ہمیشہ بلندی کی طرف رہتی ہے سارا سارا دن کام کرنے کے باوجود اگر انسان کسی جگہ نہ پہنچ سکے تو ان کے نزدیک یہ کام نہیں بلکہ وقت کا ضیاع ہے۔

یہ جب بہت کم عمر ہوتے ہیں تو اس بات کا فیصلہ نہیں کر پاتے کہ یہ کیا کرنا چاہتے ہیں اپنی صلاحیتوں کے متعلق بھی غیر یقینی کیفیت کا شکار رہتے ہیں لیکن اس بات سے آگاہ ہوتے ہیں کہ مقصد زندگی کا تعین لازمی کرنا چاہئے کیونکہ یہ ایک اہم فیصلہ ہوتا ہے اور یہ فیصلہ وہ اس وقت کرتے ہیں جب اپنے لئے کیریئر کا انتخاب کرتے ہیں اور ایک بار جب کوئی فیصلہ کر لیتے ہیں تو ساری زندگی اسی پر قائم رہتے ہیں اپنے لئے راستے کا انتخاب اور منصوبہ بندی کرتے ہیں اور بلندی پر پہنچنے کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیتے ہیں۔

فطری طور پر یہ ''اونچے لوگ'' ہوتے ہیں دائرۃ البروج کا آغاز برج حمل سے ہوتا ہے اور برج جدی اس دائرے میں سب سے بلندی پر آتا ہے اور زائچے کا دسواں گھر ہے اور یہی وہ مقام ہے جہاں جدی سے متعلقہ شخص رہنا چاہتا ہے اور رہنے کی توقع رکھتا ہے۔

جدی دائرۃ البروج کا دسواں برج ہے جس کا تعلق دنیوی کامیابی سے ہے چنانچہ جدی سے متعلقہ افراد افسر ہوتے ہیں دور بین سی نظر رکھتے ہیں کام سے متعلق بہت آگے کی سوچ رکھنے کے قابل ہوتے ہیں لیکن تفصیلات میں دلچسپی انہی لیتے بلکہ ان کے خیال میں یہ کام ان کے ماتحتوں کا ہوتا ہے۔ چنانچہ انہیں پر اس کام کو چھوڑ دیتے ہیں۔

بلندی پر پہنچنے کے لئے یہ بہت احتیاط سے ''مناسب'' افراد کا انتخاب کرتے ہیں یعنی ایسے لوگوں کو نگاہ میں رکھتے ہیں جو آگے بڑھنے اور ترقی کرنے میں انہیں مدد دے سکیں۔ اپنے افسر کا بہترین دوست بنیں بلکہ افسر کی حمایت میں اپنے ساتھ کام کرنے والے کسی ایسے فرد سے دشمنی بھی مول لے لیتے ہیں جو ان کے خیال میں ٹھیک سے کام کر رہا ہے جدی سے متعلقہ افراد دراصل اپنے کیریئر اور اپنی زندگی سے متعلق ہر چیز کا بہت احتیاط سے تخمینہ لگاتے ہیں۔

زندگی میں آگے بڑھنے کی ابتداء اکثر بہت سست ہوتی ہے۔ جدی کا حاکم ستارہ زحل ہے جو مادی حدود اور فرائض کا ستارہ ہے ہر وہ چیز جس پر زحل حکومت کرتا ہے اس کے حصول میں وقت لگتا ہے یہ پختگی اور بڑھاپے کا ستارہ ہے جدی کا وقت سال کے اس حصے میں آتا ہے جب دن چھوٹے اور راتیں لمبی ہوتی ہیں اور بالکل یہی حال جدی سے متعلقہ افراد کی زندگیوں کا بھی ہوتا ہے کہ وہ اندھیرے میں انتہائی خاموشی سے کام کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ صبح نمودار ہوتی ہے اور یہ انتہائی بلندی پر پہنچ چکے ہوتے ہیں اور یہ وقت وہ ہوتا ہے کہ جب زندگی کا آغاز ۴۰ سال کی عمر میں ہوتا ہے۔

جدی سے متعلقہ افراد بے حد جاہ طلب ہوتے ہیں ان کی اس خصوصیت کی وجہ سے انہیں عموماً زیادہ پسند نہیں کیا جاتا تاہم ان میں اچھائیاں بھی بے شمار ہوتی ہیں مگر وہ بظاہر پرکشش نہیں ہوتی ہیں عادات واطوار کے لحاظ سے یہ سنجیدہ اور مہذب ہوتے ہیں ان پر دل کی نہیں بلکہ دماغ کی حکومت ہوتی ہے فیصلہ کرنے اور نتیجے تک پہنچنے میں کافی وقت لگاتے ہیں زندگی کے لئے یہ جس راستے کا انتخاب کرتے ہیں وہ ان کا اپنا ہوتا ہے اور اس کا تعین بہت سوچ سمجھ کر کیا گیا ہوتا ہے یہاں تک کہ بولنے کے معاملے میں بھی یہ سست ہوتے ہیں مگر جو کچھ کہتے ہیں اسے ضرور پورا کرتے ہیں ان کے لفظ ان کا تحریری معاہدہ ہوتے ہیں ان میں احساس ذمہ داری بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے اور اگر جدی سے متعلقہ کسی فرد کو یہ بتا دیا جائے کہ فلاں کام اس کی ذمہ داری ہے تو یقین کریں کہ اگر وہ کام انسانی کوششوں سے ہونا ممکن ہے تو اسے یہ ضرور پورا کر دکھائے گا۔

جدی سے متعلقہ افراد کے نزدیک والدین اور خاص طور پر ماں ان کی اولین ذمہ داری ہوتی ہے اس برج سے متعلقہ اکثر افراد جب تک والدین زندہ رہتے ہیں ان کے ساتھ زندگی گزارتے رہتے ہیں اور اکثر یہ ہوتا ہے کہ والدہ کے انتقال کے بعد ہی یہ شادی کرنے اور اپنا گھر بنانے کے متعلق سوچتے ہیں جدی سے متعلقہ لڑکیاں عموماً اپنے والدین کی خاطر اپنی زندگی قربان کر دیتی ہیں۔

جدی سے متعلقہ آدمی جب فیصلہ کر لیتے ہیں کہ اب انہیں شادی کرنی ہے تو وہ شریک زندگی کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرتے ہیں اور اس سلسلے میں دل سے نہیں بلکہ دماغ سے سوچتے ہیں باطنی طور پر گھریلو آدمی ہوتے ہیں لہٰذا ایسی شریک

دائرۃ البروج	دسواں برج ہے۔
عرصہ پیدائش	دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰ (اندازاً)
عنصر	خاکی
ماہیت	منقلب
حاکم ستارہ	زحل
برج کی علامت	بکرا



زندگی چاہتے ہیں جو نہ صرف یہ کہ ان کا گھر بنائے بلکہ ان کے حلقے میں ان کی حیثیت کو بڑھانے میں بھی مدد دے سکے اپنے افسر کی بیٹی پر بھی ان کی نگاہ رہتی ہے شادی کر لینے کے بعد یہ پھر علیحدگی کے بارے میں کبھی نہیں سوچتے یہ طلاق پر یقین نہیں رکھتے کیونکہ یہ اپنے آپ کو ایک ''بلند انسان'' خیال کرتے ہیں اور بلند انسان غلطیاں نہیں کیا کرتے اور طلاق صرف اسی صورت میں ہوا کرتی ہے جب شادی غلط شخص سے ہو اور غلط شخص سے یہ شادی نہیں کرتے لیکن اگر کبھی ایسا ہو بھی جائے تب بھی یہ طلاق کو پسند نہیں کرتے کیونکہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ انہیں اپنے خاندان' ملنے جلنے والوں اور دوستوں کے لئے ایک مثالی نمونہ ہونا چاہئے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ اصولوں اور قوانین پر بھی یقین رکھتے ہیں لہذا ازدواجی زندگی کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔

جدی سے متعلقہ شادی شدہ عورتیں بھی بالکل یہی نظریات رکھتی ہیں یہ محبت کرنے والی مثالی اور وفادار بیوی اور ماں ثابت ہوتی ہیں اور اپنے بچوں اور شوہر کے لئے ہر بہترین چیز کی خواہاں ہوتی ہیں شوہر کے کیریئر اور مرتبے کو ترقی دینے کے لئے جو کچھ ان کے بس میں ہوتا ہے وہ کرتی ہیں یہ گھرداری کی زیادہ شوقین نہیں ہوتیں بلکہ گھر کی دیکھ بھال خود کرنے کے بجائے اس مقصد کے لئے کسی کو ملازم رکھنا پسند کرتی ہیں لیکن اس بات کا خیال ضرور رکھتی ہیں کہ گھر کا نظام ٹھیک چلے اور گھر کا نظام چلانے کے لئے ان کے اپنے اصول اور نظریات ہوتے ہیں یہ ایسے لوگوں کو گھر مدعو کرنا اور ان کی خاطر مدارت کرنا پسند کرتی ہیں جو ان کے خیال میں ان کے اپنے کیریئر یا ان کے شوہر کے کیریئر کو آگے بڑھانے میں مدد دے سکتے ہیں اگرچہ یہ خوش مزاج اور ملنسار ہوتی ہیں تاہم دوستوں کے انتخاب میں بہت محتاط ہوتی ہیں۔

جدی سے متعلقہ افراد امراء کو پسند کرتے ہیں اور یہ کہنا غلط نہ ہوگا یہ امارت پرست اور مغرور بھی ہوتے ہیں ان کا مطمع نظر بلندی پر پہنچنا ہوتا ہے اور بلندی پر پہنچ کر جس قسم کے لوگوں سے میل جول رکھنا ہوتا ہے ان سے پہلے سے واقفیت پیدا کر لینا ضرور خیال کرتے ہیں کیونکہ یہ نہیں چاہتے کہ بلندی پر پہنچ کر اپنے آپ کو تنہا محسوس کریں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ تصویر کا ایک دوسرا رخ بھی ہے جو یہ ہے کہ بلندی پر پہنچنے کے سفر کے دوران جن لوگوں کے ساتھ انہوں نے نفرت انگیز سلوک کیا ہوتا ہے وہ ان کے نفرت انگیز سلوک نہیں بھولتے اور پھر اگر قسمت کی خرابی سے یہ بلندی پر پہنچ نہ سکیں تب بھی اپنے مغرور انداز کو برقرار رکھتے ہیں تاکہ دوسروں پر ان کی اصلیت ظاہر نہ ہونے پائے اور جن لوگوں سے غلط سلوک کر چکے ہیں ان کے سامنے ان کی گردن نیچی نہ ہونے پائے۔

عظیم پروفیسر ''جنگ'' جس کا طالع پیدائش جدی تھا اس نے ایک بار کہا تھا کہ جدی سے متعلقہ افراد انسانی زندگی کی بلندیوں اور گہرائیوں سے آگاہی رکھتے ہیں اس لئے کہ وہ خود پستی سے سفر کا آغاز کر کے بلندی تک پہنچتے ہیں لہذا زندگی کے ہر مرحلے سے واقف ہوتے ہیں جدی کی علامت ۱۹ ہے جو ایسی بکری کی نمائندگی کرتی ہے جس کی دم مچھلی کی ہے جو جدی سے متعلقہ افراد کے پیچیدہ اور دقیق مزاج کی بڑی درست نمائندگی کرتی ہے بکری پہاڑی پر بڑی آہستگی مگر پورے یقین سے چڑھتی ہے ایک ایک قدم آگے بڑھاتی ہے یہاں تک کہ چوٹی پر پہنچ جاتی ہے تب اسے رک جانا پڑتا ہے کیونکہ اب اس کے لئے یہ لمحہ ایک چیلنج کا ہوتا ہے کیونکہ جدی سے متعلقہ اکثر افراد اس بات کا یقین کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے کہ وہ اپنی قوتوں کی انتہائی حدود پر پہنچ چکے ہیں اور اس سے آگے جانا ممکن نہیں آگے جانے کی کوشش میں وہ صرف نیچے گر سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اس برج سے متعلقہ اکثر افراد بلندی پر پہنچنے کے بعد انتہائی پستیوں میں جا گرتے ہیں یاد رہے کہ ان کا حاکم ستارہ زحل انسان کے زوال پر بھی حکومت کرتا ہے۔

برج جدی کو جنت کا دروازہ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ زائچے میں سب سے بلند مقام ہوتا ہے اور انسان کی انتہائی کامیابیوں اور عروج کی نمائندگی کرتا ہے جدی سے متعلقہ افراد کو جب اس بات کا یقین آ جاتا ہے یا اسے مجبوراً یقین کرنا پڑتا ہے کہ وہ دنیوی ترقی کے معاملے میں انتہائی حدود پر پہنچ چکا ہے تو دنیوی معاملات کو چھوڑ کر روحانی معاملات کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور جنت میں داخلے کے لئے کوششوں کا آغاز کر دیتا ہے اور جب وہ یہ کوشش کرتا ہے تو اس کی زندگی کا انجام خوشگوار انداز میں ہوتا ہے اس وقت وہ اپنے بچوں اور بچوں کے بچوں میں گھرا ہوا معاشرے کا ایک بے حد معزز شخص ہوتا ہے۔

روزمرہ زندگی کے معاملات میں یہ بے حد قدامت پسند اور لکیر کے فقیر ہوتے ہیں وہ ایک یکساں معمول پر چلنا اور ہر روز ایک مقررہ وقت پر یکساں کام کرنا پسند کرتے ہیں اس سے متعلقہ اکثر

آدمی بیس بیس سال تک ایک ہی بار بر سے بال کٹواتے ہیں ایک ہی دکان سے کپڑے خریدتے ہیں اور ساری زندگی ایک ہی درزی سے کپڑے سلواتے ہیں تاہم یہ چونکہ منقلب برج سے تعلق رکھتے ہیں اور منقلب بروج عمل سے متعلق ہیں لہذا اگر ان کے خیال میں تبدیلی لازمی ہو جائے تو ان سے زیادہ تیزی سے کوئی اور شخص تبدیلی نہیں لاسکتا۔

مثال کے طور پر اگر جدی سے متعلقہ کسی شخص کو اس کا افسر یہ کہہ دے کہ اس کا تبادلہ کسی دور دراز علاقے میں کر دیا گیا ہے تو جتنی تیزی سے یہ سفر کے انتظامات کرلے گا۔ کوئی دوسرا نہیں کرسکتا اور اتنی ہی تیزی اور آسانی سے یہ نئے علاقے اور نئے دفتر کے ماحول سے بھی مانوس ہو جائے گا۔

تاہم جدی سے متعلقہ افراد جو بھی کام کرتے ہیں اس میں تسلسل کے خواہاں ہوتے ہیں کیونکہ اس طرح انہیں یہ احساس رہتا ہے کہ یہ کس مقام پر ہیں جدی سے متعلقہ آدمیوں کی طرح اس برج سے متعلقہ عورتیں بھی اس وقت بڑی تیزی دکھاتی ہیں جب تیزی کی ضرورت ہوتی ہے۔

جدی سے متعلقہ افراد لمبے نہیں ہوتے بلکہ کسی قدر جھکے ہوئے ہوتے ہیں زندگی میں چونکہ ہر معاملے میں اعتدال اور اصول پر چلتے ہیں لہذا کافی لمبی عمر تک زندہ رہتے ہیں تاہم ان کا حاکم ستارہ چونکہ سردی پر بھی حکومت کرتا ہے لہذا اس برج سے متعلقہ اکثر افراد معمولی نوعیت کی بیماریوں کا شکار رہتے ہیں جن کی وجہ سے سردیوں میں کھانستے رہتے ہیں اور نزلے کا شکار رہتے ہیں تاہم حقیقی معنوں میں یہ بیمار شاذ و نادر ہی ہوتے ہیں مگر انہیں مکمل طور پر صحت مند بھی نہیں کہا جاسکتا زحل جسم میں ہڈیوں کے ڈھانچے پر حکومت اور یہی جدی سے متعلقہ افراد کے جسم کا کمزور حصہ ہوتا ہے اور اسی سے متعلقہ بیماریوں پر انہیں قابو پانا ہوتا ہے' خاص طور پر بچپن اور جوانی میں صحت کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے لیکن پھر جیسے جیسے عمر بڑھتی جاتی ہے جسم بھی مضبوط ہوتا جاتا ہے۔

شادی کے معاملے میں یہ دوسرے خاکی بروج سنبلہ اور ثور سے متعلقہ افراد سے متاثر ہوتے ہیں ان کے علاوہ مخالف برج سرطان سے متعلقہ افراد کو بے حد پسند کرتے ہیں کیونکہ سرطانی افراد کی گھر بنانے کی خوبی انہیں بے حد پسند ہوتی ہے۔

تسدیس زہرہ و زحل

زہرہ و زحل کی تسدیس ۱۶ فروری کو صبح ۴ بجکر ۱۸ منٹ پر ہوگی۔ اگر کوئی شخص پاس رہنا نہ چاہے یا میاں بیوی میں سے کوئی خوش نہ رہتا ہو اور علیحدگی تک نوبت آ پہنچی ہو تو اس آیت کو روٹی پر انگشت شہادت سے وقت مقررہ پر لکھ کر اس کو اس وقت کھلا دیں جب کھانے پلانے کا وقت ہوتا ہے۔ انشاءاللہ پھر کبھی چھوڑ کر نہ جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

یا ایھاالذین اصبروا رابطو وتقواللہ لعلکم تفلحون

یہ آیت بخار اور خواب کے لئے بھی موثر ہے۔ تپ دق والے کو دوائی یا پانی پر ۲۱ بار دم کر کے پلائیں اور خواب میں ڈرنے والے کے گلے میں لکھ کر باندھ دیں۔

تسدیس شمس وزحل

مشکلات دینوی سے نجات حاصل کرنے کے لئے خواہ وہ کسی بھی قسم کی کیوں نہ ہوں تسدیس شمس وزحل میں عمل کریں اس سال یہ نظر ۲۵ فروری کو رات ۱۰ بجکر ۴۵ منٹ پر قائم ہوگی۔ اس وقت سے فائدہ اٹھانے کے لئے اور دفع امراض' دفع وبا' دفع بلا' دفع دشمن' دفع مصائب اور ناگہانی حادثہ یا خوف سے بچنے کے لئے ایک موثر طریقہ بیان کرتا ہوں۔ جو شخص جس مقصد کے لئے کرے گا کبھی ناکام نہ رہے گا۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔

اَلبَاطن اکیس تسبیح طعام یا آب شیریں پر پڑھ کر دم کریں اور تمام اہل خانہ کو کھلائیں۔ انشاءاللہ اس اسم معظم کی برکت سے تمام گھر والے پناہ میں آجائیں گے اور کوئی بلا یا علت ان تک نہ پہنچ سکے گی۔

یہ عمل کسی بھی وقت شمس وزحل کی تسدیس قائم ہونے پر کیا جاسکتا ہے۔

۲۰۱۸ء

ہمارے لئے کیا لا رہا ہے

ہر شخص کے حالات

۳۶۵ دنوں کے اثرات۔ جو روزانہ زندگی میں کام دیتے ہیں۔

ستاروں کی روزانہ حرکات' درجات اور نظرات

سال 2018 آپ کیلئے کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ زندگی میں ذاتی مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ اس ماہ کیریئر بنانے اور ملازمت پیشہ افراد کو تبدیلی محسوس ہوگی ان کا ٹرانسفر ہوگا یا پھر ترقی ہو کر کسی دوسرے شعبے میں جائیں گے۔ والدین کی طرف سے امداد مل سکتی ہے۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے آٹھویں گھر میں رہے گا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کا رجحان ہوگا۔ مگر طریقہ غلط انداز سے ہوگا۔ دوسروں کو تکلیف ملے گی۔ اس ماہ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل بھی جائے گا۔ اس وجہ سے شریک زندگی سے جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ سے متعلق اختلافی مسائل جنم لیں گے۔ ذہنی ٹینشن ملے گی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں، گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۴، ۹، ۱۹، ۲۶ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ کسی قریبی شخص کی وجہ سے مالی فائدہ حاصل کریں گے۔ ان کی زندگی میں کسی نئے شخص کا اضافہ ہو رہا ہے۔ جس کی وجہ سے خوشیاں حاصل ہونگی۔ محبت کے معاملات ہوں شادی، نسبت کے لئے یہ ماہ خاص طور پر ان امور کی طرف لے جائے گا۔ جس سے زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا جو سوچ اور خیالات کے انداز کو تبدیل کردے گا۔ ان دنوں سیر و تفریح یا کاروباری معاہدات کے لئے اندرون یا بیرون ملک سفر کیا تو یہ آپ کے لئے ایسا امتحان ثابت ہوسکتا ہے کہ جس سے قسمت بدل سکتی ہے۔ ان دنوں کوئی خط یا خبر سے خوشی ملے گی۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک وتد السماء پر موجود رہے گا۔ اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہو گا۔ یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں ان کے لئے زہرہ کی سعد تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔ تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً " ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری، سوشل گروپ یا محفل میں شریک ہونا پڑے۔ اس کے علاوہ انہیں معاشرتی فلاح سے بے حد دلچسپی ہوتی ہے۔ تاہم زہرہ ۲، ۹، ۲۵ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا لہذا ان دنوں احتیاط نہ برتی تو اپنے لئے بڑی آسانی سے مشکلات پیدا کرلیں گے۔ اگرچہ گھریلو زندگی خوشگوار ہوگی مگر دوسروں کے جذباتی مسائل کی وجہ سے فکر و پریشانی رہے گی۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ یہ وقت اہم کاروباری معاملات، خرید و فروخت یا نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے اہم ثابت ہوگا۔ اس وقت کسی کے ساتھ لمبی مدت کی سرمایہ کاری یا کسی اہم پروڈکٹ کی مارکٹینگ کرنے کے لئے مالی فائدہ لائے گا۔ اگر آپ جائیداد یا زمین یا پراپرٹی کا کام کرتے ہیں تو اس وقت جو بھی خرید و فروخت

کریں گے اس میں مالی فائدے کی نشاندہی ہورہی ہے۔اس ماہ تجربہ کار افراد کے ساتھ مل کر کام کریں یا ایسی انجمنوں میں شمولیت اختیار کریں۔

عطارد نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو زائچے کے وتد السماء پر داخل ہوگا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید کرنے والوں میں آپ بھی شامل ہیں یا کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا ہے تو ان تاریخوں کا انتخاب کریں کیونکہ عطاردی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گی اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گی۔ تاہم اگر آپ ۷، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو سفر کررہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کررہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کرلیں۔ قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ لینا ہے تو شارٹ کٹ اختیار کرنے سے گریز کریں۔

ثوری افراد اس ماہ جس جگہ کام کرتے ہیں وہاں اہمیت کھو دیں گے۔ کاروباری لین دین اور روپے کے معاملات میں دشواری محسوس کریں گے۔ بیرون ملک تعلیمی و دیگر نوعیت کے کاموں میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم ہر کام میں ذہنی دباؤ ملے گا۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد دسویں گھر میں داخل ہو گا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے اختیار کیا ہو یا تفریحی نوعیت کا ہو، موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کررہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ اگر آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جارہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ زہرہ اس ماہ کی ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔ آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں آپ سفر بھی کریں گے۔ کچھ خوشگوار نوعیت کی خبریں اور واقعات آسکتے ہیں۔ تاہم ۲، ۹، ۲۵ تاریخ کو محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کربیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس دن خاص طور پر جاہ طلبی کے معاملات کے علاوہ کاروباری اور شراکتی معاہدات کے لئے جو کوششیں کریں گے ان میں خاطر خواہ فائدہ دیکھنے میں آئے گا۔ تاہم کام اور کاروبار کے علاوہ زمین کی خریداری کے ذریعے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لوگ ان دنوں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ روپیہ لگانے اور نئے ذرائع کے حصول کی کوشش کچھ نہ کچھ فائدہ دیں گی۔ ان دنوں اچانک خوشیاں ملیں گی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں داخل ہورہا ہے۔ صحت کے معاملات کو کسی صورت نظر انداز نہ کریں گم ہوا مال یا ترکہ اچانک ملنے کی توقع ہے۔ نئی رشتہ داری قائم ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

عطارد آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو زائچے کے نویں گھر میں آجائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ خط و کتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر ہو ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ وسط ماہ کے بعد اپنے کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات، تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط و کتابت یا دوسرے کے ذرائع سے اپنا راستہ بنانے اور رابطے کرنے بھی فائدہ مند ثابت ہونگے۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ ایسے تمام معاملات جن میں خاندانی جائیداد یا لوگوں کی مہربانیاں شامل ہونگی وہ روزگار یا مالی امور میں کامیابیاں لائیں گی۔ لوگ کاروباری امور میں آپ کا ساتھ دیں گے۔ عقل و شعور سے کام لیا اور اپنی صلاحیتوں کو بھرپور استعمال کیا تو زندگی میں تبدیلی لانے کے امکانات موجود ہیں۔ کسی قریبی شخص کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ اب دور ہو جائے گی۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔ اس ماہ تفریحی سرگرمیوں، سوشل زندگی اور سیر و تفریح بھی زائد رہے گی۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تفریحی سرگرمیوں اور زندگی کے لطیف پہلو پر توجہ دینے کے لئے آپ کے پاس زائد وقت اور روپیہ دونوں چیزیں ہونگی۔ کوا کبی رجحانات تخلیقی اور آرٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہونگی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میداں کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا

وقت آ پہنچا ہے۔ وہ افراد جو بہت چمک دمک رکھنے والے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے۔ مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۴، ۱۹، ۲۶ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق

پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

چنانچہ اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت کیریئر اور جاہ طلبی کے معاملات میں اپنی کوششوں کا آغاز کر دیں۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ زائچے کے اس گھر میں ہوگا جس کا تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر نہ بردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ جائیداد کے معاملات کے لئے یہ ماہ موافق ثابت نہ ہونگے۔ چنانچہ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو اس وقت ڈیل یا روپیہ خرچ نہ کریں بلکہ زہرہ کے نویں گھر میں داخلے کے بعد جو فیصلہ کرنا ہو کریں۔ وہ افراد جو شادی شدہ ہیں یا جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا۔ حالات جو بھی ہوں بہر حال ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ افراد جن کی کسی نہ کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے علیحدگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا زبردست امکان ہے کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا۔ اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ قریبی رشتہ داری اور تعلقات میں نئے لوگوں کا اضافہ ہوگا۔ یہ ماہ کسی شخص کی آمد سے زندگی میں تبدیلی اور محبت کا عنصر آئے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ خوش بختی اور خوشیاں حاصل ہونگی۔ عزیز و اقارب کے ذریعے مالی فائدہ اٹھانا یا بھائیوں کے ساتھ مل کر کاروبار کو وسیع کرنا یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینا بھی بہتری لائے گا۔ یہ دن محبت کے معاملات میں انتہائی جذباتی واقع ہونگے یعنی آپ رشتہ داروں میں اپنی پسند کی شادی کرنا چاہیں گے۔ اس سلسلے میں ذہنی طور پر دباؤ اور بے چینی محسوس کریں گے۔

عطارد طالع کے مقابل ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو زائچے کے آٹھویں گھر میں آجائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی امور کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ خط و کتابت یا دور دراز علاقے جانا یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس ماہ کام اور کاروبار کے سلسلے میں معاہدات، تحریری یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہوگی۔ آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں کے مطالبات پورے کرنے میں لگے گا، بلکہ ان کے ذاتی کاموں کے لئے زیادہ وقت صرف کرنا پڑے گا۔ گھر اور والدین سے متعلقہ امور کی طرف توجہ دیں اس وقت کی اہم نوعیت تعلقات کی تجدید ہونا ہے۔ نئے رشتے بنیں گے جو گھر میں خوشی کا باعث ہونگے۔ کاروباری معاہدات موافق رہیں گے۔ گھر یا زمین کی خریداری موافق رہے گی۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی اور اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ دفتر میں آپ کی پوزیشن اچھی ہے اور آفیسران آپ کے کام سے مطمئن بھی ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے جب کہ وہ افراد جو کاروباری ہیں یا وہ جو کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ جو اطمینان بخش ترقی لائے گا ان معاملات کے لئے ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۴، ۱۹، ۲۶ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

برج سرطان۔ ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

اس ماہ سرطان سے متعلقہ زیادہ تر افراد میرث و ترکہ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ

کریں گے۔ اس ماہ سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے۔ وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے اب حل ہوتے محسوس ہونگے۔

عطارد چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ کاروبار یا روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ اس ماہ روزگار اور مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں گے۔ عطارد کی موجودگی کی وجہ سے آپ کی زیادہ تر توجہ روزگار اور کام کے معاملات پر مرتب ہوگی۔ اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ تمام افراد کے لئے بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کرنے کی طرف توجہ دیں تاکہ اسی بنیاد پر مستقبل میں منصوبوں کی تعمیر کرسکیں۔ تاہم عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخوں میں سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس وقت اپنے خیالات کا اظہار برملا کریں گے جن لوگوں کے ساتھ مخالفتیں چلی آرہی تھیں۔ یا جہاں سے دشمنی شروع ہوئی تھی اس کی جڑ تک پہنچ جائیں گے اور اپنی تمام اختلافی مسائل کو حل کرنے کی آپ میں صلاحیت موجود ہوگی۔ قانونی طور پر جن مسائل میں گھرے ہوئے تھے اب ان سے نکلنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اپنے اندر کی برائیوں کو نکالنے کے لئے اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ اس جو بھی بیماری یا تکلیف ہوگی وہ آپ کی اپنے رویہ اور عادات کی وجہ سے ابھرے گی۔

ستارہ زہرہ ۱۹ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے کچھ مشکلات لائے گا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کا انتخاب کریں کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ تاریخیں محبت کے معاملات کے لئے بھی موافق ثابت ہوگی۔ زہرہ جب آٹھویں گھر میں داخل ہوگا تو ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے مصروفیت پیدا کریں گے۔ ایسے کام جس میں کچھ لو اور کچھ دو کا معاملہ ہوتا ہے اس کے لئے زہرہ موافقت میں ہو گا۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر پالیسی یہ ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں کام کریں ویسے لوگوں کو ہم رائے بنانا اور ان کا دل جیتنا اتنا مشکل نہ ہوگا۔ بیرون ملک سے کوئی شخص آپ کی زندگی میں داخل ہوگا۔ یا پھر باہر سفر کرنے کا بہانہ بن جائے۔ مالی خطرات مول نہ لیں اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ آپ میں جلد روپیہ کے حصول کی خواہش پیدا ہوگی یعنی انعامی اسکیموں میں حصہ لے کر خوش بختی کی راہ ہموار کریں گے۔ قریبی عزیز رشتہ دار بھی اپنے کسی کام میں ساتھ شامل کریں گے۔ سفر کے امکانات ہیں زائد سوشل سرگرمیاں مصروفیت لائیں گی۔ اس وقت اعلیٰ طبقہ کے افراد جو ذمہ دار عہدہ پر فائز ہوں ان سے کام نکلوانے کا بہتر وقت ہے۔ نئی اسکیم یا کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئے معاہدات اہم ثابت ہونگے۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا۔ اس ماہ باقوت اثرات مرتب کرے گا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی۔ مریخ ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۴، ۱۹، ۲۶ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غلطیاں بھی کرسکتے ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی نشاندہی کررہا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت گوں ناگوں واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں۔ اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ تر توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہو گا۔

برج اسد۔ ستارہ شمس

حروف:- م

پیدائش:- جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ اپنے ماحول میں تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار ہونگے۔ شادی یا نسبت کے مواقع آئیں گے۔ کیونکہ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مگر یہ باقوت انداز میں مسائل کو سلجھانے میں مددآور ثابت ہوگا۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی سے گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہٰذا اگر گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو چھوٹے بچوں پر خاص طور پر نگاہ رکھیں کیونکہ ان دنوں شرارت اور سرکشی اختیار

کریں گے۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنادے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت کرنی ہے یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ مالی معاملات میں پوری طرح محتاط رہیں۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات کو از سرنو قائم کرنے میں آسانی ہوگی۔ اپنی آرزوں کی تکمیل اس وقت ممکن ہے۔ اپنی بات کا اظہار جس خیال سے کریں گے وہ بات پوری ہوجائے گی۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ تاہم خاندانی رشتہ داری میں سفر کی نشاندہی ہورہی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملے گا اور ہوسکتا ہے کہ بہت سی باتیں کھل کر سامنے آئیں گی۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اس کے بعد ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہٰذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں، جبکہ وہ افراد جنہیں کام اور روزگار کے معاملات میں یا دفتر میں مشکل حالات کا سامنا ہورہا ہے وہ وسط ماہ کے بعد حالات میں بہتر تبدیلی دیکھیں گے۔ دوسری طرف وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی۔ لیکن ان کو کوئی پزیرائی نہیں ملے گی۔ دراصل بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کا ماحول ان کی زندگی میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ نفسیاتی لحاظ سے اس وقت گہرے جذباتی تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں ان مسائل کو پس پشت ڈالنے کے بجائے انہیں حل کرنا آپ کے حق میں مفید ہوگا۔ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف ہے۔ اور ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانے کے لیے یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں بھی بہت سرگرمی اور جوش پیدا ہوجائے گا۔ باہر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ اس ماہ کی ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ ذاتی یا کاروباری مشترکہ مالی معاملات پر مکمل کنٹرول حاصل کرسکیں گے۔ امکان ہے کہ اس وقت زندگی میں کوئی اہم قدم اٹھائیں گے یہ وقت مالی معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ہر معاملے کو نمٹانے کی حکمت عملی موجود ہوگی اور کوئی بھی رکاوٹ یا پابندی جس کا تعلق شاید گھر یا کیریئر کے معاملات سے ہوگا اب واضح ہوجائے گا اور اسے دور کرنا آسان ہوگا۔

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں ہوگا اور اس کے بعد ۱۲ تاریخ کو چھٹے گھر میں داخل ہوگا چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں کی طرف رہے گی اگر ان سرگرمیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا نئے خیالات پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت ان مقاصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ پانچویں گھر میں موجودگی زائد خوش بختی لائے گی۔ اگر انعامی اسکیموں، کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اس وقت ترقی کا موقع ملے گا۔ بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

سبی
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے
ممتاز اسٹیشنری مارٹ۔ مسجد روڈ

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ب۔ غ

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ سے بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا وہ افراد جو فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت کامیابی لائے گا۔ نئے رشتے بنیں گے۔

عطارد زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو پانچویں گھر میں آجائے گا اس دوران یہ آپ کو ذہنی لحاظ سے مستعد کردے گا۔ نئے خیالات اور نظریات عطاء کرے گا اور آپ کی موجودہ سرگرمیوں اور دلچسپیوں میں رنگ پیدا کردے گا۔ ان دنوں میں آپ خلاف معمول زیادہ نقل و حرکت کریں گے اور زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزرے گا۔ اس وقت رسل و رسائل اور خط و کتابت آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اس سلسلے میں ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ خاص طور پر اہم ثابت ہوگی یہ تاریخیں اہم قانونی اور آفیشل معاملات طے کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگی۔ ادبی محفل یا تحریر و تقریر یا مقابلہ وغیرہ کے لحاظ سے تسلی بخش نتائج لائے گا اور اگر آپ نئی قسم کی مشینری اور محنت و وقت بچانے والے آلات کی خریداری کا ارادہ رکھتے ہیں تو گھوم پھر کر ان سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ نیا کاروباری معاملہ ہو یا اس سے متعلق گفت شنید یا اپنے نئے دفتر کی خریداری یا اسے بنانے سے متعلق کسی تعمیراتی افراد سے اہم معاملے پر گفتگو کرنا بے حد مدد آور ثابت ہوگا۔ عطارد ۷، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا ان تاریخوں میں کسی بھی نئے کام یا

معاملے کو آگے بڑھانے سے قبل خوب اچھی طرح سوچیں اور التواء یا مشکلات کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہیں۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس دن کے نزدیک کیریئر کے معاملات، جاہ طلبی کے امور میں اچانک کسی فرد کی طرف سے پیشکش ملے گی۔ باحیثیت افراد کے ذریعے مالی پوزیشن بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ اپنے والدین کے ساتھ مل کر ماحول کو خوشگوار بنانے کے لئے خرچہ کریں۔ تاہم شریک زندگی کی خوش بختی کی وجہ سے مالی فائدہ حاصل ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ شراکت داری کے امور میں اچانک نئے لوگوں سے روشناسی ہوگی اور اپنے کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئے معاہدات کریں گے۔ ان دنوں کام سے متعلق حتمی فیصلہ کیا تو اس کے بہتر نتائج دیکھیں گے۔

زہرہ ۱۹ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر و تفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت پر خوش ثابت ہوگا۔ زہرہ ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں اور محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے یا جو نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے وہ ان معاملات میں آپ کے ہم خیال نکلیں گے۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ تاہم زہرہ ۲، ۹، ۲۵ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر کاروباری معاہدات، قانونی مشورہ حاصل کرنے، تحریری کاموں کو مکمل کروانے اور باحیثیت لوگوں سے رابطہ قائم کرنے میں مددآور ثابت ہوگا۔ ایسے کام جن میں جائیداد اور روپیہ لگا ہوا ہے تو اس سے متعلقہ حسابات اور منافع سے متعلق معلومات رکھیں۔ رسل و رسائل اور پبلشنگ کے کاموں کے لئے موزوں، گھر اور زمین کی خریداری کریں یا اس سلسلے میں معلومات اکٹھی کریں۔ روحانی علوم اور مطالعہ سے ذہنی سکون حاصل ہوگا۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس کی موجودگی خاندانی رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں ضروری تبدیلی سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا بلکہ بھائیوں کے قریبی دوستوں کے ساتھ تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ محبت کے معاملات میں بہتری آئے گی۔ رشتہ ہوجائے گا۔ سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد سے مدد ملے گی۔ آپ ہر کام باقوت اور باصلاحیت طریقے سے کریں گے۔ پرانی غلطیوں کا ازالہ کریں گے۔ خرید و فرخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بہتر ثابت ہوگا۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما ہوگی باقوت قدم اٹھانے میں بھی آسانی رہے گی۔ بلکہ خود اعتمادی بھی پیدا ہوگی۔ مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۴، ۱۹، ۲۶ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔

برج میزان۔ ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ ٹ۔ ر۔ ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

اس ماہ ہر دلعزیزی میں اضافہ ہوگا۔ چنانچہ اہم اور بارسوخ افراد کو متاثر کرنا اور ان پر موافق اثر ڈالنا آپ کے لئے مشکل نہ ہوگا اور اگر اہم کاموں کو لے کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہوگا۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد پانچویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہو رہے تھے۔ جس میں والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو وسط ماہ کے بعد حالات بہتر ہوجائیں گے۔ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ گھر کی ازسرنو آرائش اور گھر میں چند نئی اشیائے تعیّشات کے اضافہ اور اپنے آس پاس کے ماحول کو بہتر بنانے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے اور وہ افراد جو بچوں کی وجہ سے گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آسانی رہے گی۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر اہم تعلقات بنانے، دوستوں کے ذریعے کام حاصل کرنے اور ایسے مالی کاموں کی طرف توجہ دیں جس کے لئے آپ پرامید ہونگے۔ یہ وقت اہم لوگوں سے تعاون حاصل کرنے، اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے بینک سے قرضہ حاصل کرنے قانونی امور میں مشورہ لینے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔ اس وقت جن نئے لوگوں سے متعارف ہونگے۔ وہ بھی اہم کام سرانجام دیں گے۔ مالی فائدہ حاصل کرنے کے کسی بھی موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔ یعنی کاروباری لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ حالات اس ماہ آپ کو بہترین سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیں گے۔ روپیہ کمانے میں پوری مدد کرے گا۔ اخراجات کا بھاری بوجھ

آئیں گے تاہم ان پر قابو پا سکیں گے۔ میکینکل اور ٹیکنیکل کام اس ماہ با آسانی ہو جایا کریں گے۔ اس ماہ دوست کس ساتھ بھر پور وقت گزاریں گے۔اس ماہ لین دین اور حسابات میں جلد بازی سے غلطیاں ہونگی۔ غیر ضروری اخراجات سے جلد غصہ آ جایا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔ یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی طور پر چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۲،۶،۱۱،۱۷،۲۲،۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۴،۱۹،۲۶ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ اس وقت اپنی خواہشات اور امیدوں کو پورا کرنے کی بھر پور کوشش کریں۔ اس وقت کسی لمبی اسکیم میں سرمایہ کاری کریں یا کسی کے ساتھ شراکت داری میں حصہ لینا بہتر رہے گا۔ جس سے آپ اپنے مستقبل کو سنوار سکتے ہیں۔اس وقت تمام فیصلے آپ کے حق میں موافق ہونگے اور اہم فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔

عطارد زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہو گا اور ۱۲ تاریخ کو چوتھے گھر میں آ جائے گا۔ قریبی عزیز رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا زیادہ ہو گا۔ لوگ اپنے کام کے سلسلے میں آپ کا زیادہ وقت لیں گے۔ تحریری کام، تعلیمی امور، خط و کتابت اور سفر کے ذریعے لوگوں سے ملاقات کر کے فائدہ اٹھائیں۔ کسی خاص شعبے میں تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں کوششیں خاص کامیابی دیں گی۔ قریبی لوگ بھر پور مدد کریں گے۔ گھریلو مسائل اور نامکمل کاموں کو مکمل کرنے کی طرف توجہ دیں تا کہ ہر کام آسانی کے ساتھ ہو جائے۔ اخبارات اور رسائل سے مدد لیتے ہوئے ملازمت کے حصول کی کوشش کریں۔ اگر والدین کی زمین یا مکان ہے تو اس سے متعلقہ حساب چیک کریں، لوگوں سے قرضہ کی وصولیابی کی کوششیں بہتر ثابت ہونگی۔ عطارد ۴،۹،۱۵، ۲۱،۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ تخلیقی امور یا نئے راستوں کا انتخاب ہو گا۔ گھر میں تبدیلی کے معاملات شروع ہونگے۔ کاروباری دیگر سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ کوئی بھی تبدیلی خوش کن ثابت ہو گی۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک طالع میں رہے گا۔ چنانچہ یہ وقت ان افراد کے لئے جاہ طلب اور مہم جو قسم کے افراد کے لئے ترقی پذیر اور تیز رفتار ثابت ہو گا۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے آپ اپنے اندر زیادہ ہمت و قوت، جرات اور خود اعتمادی محسوس کریں گے اور پوری قوت عمل سے اپنے آپ کو آگے بڑھا کر بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ فی الحال جو چیز آپ کے نزدیک سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اس میں تسلی بخش ترقی کر سکیں گے۔ اس ماہ اہم اقدامات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں جب مریخ سعد نظرات کے تحت ہو۔ مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ لیکن جن دنوں مریخ غیر موافق نظرات کے تحت ہو ان دنوں کسی کو اس بات کا موقع نہ دیں کہ آپ کو دہشت زدہ کر سکے یا جھگڑے یا بحث پر آمادہ کر سکے۔ مریخ ۴،۱۹،۲۶ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہو گا۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہو گی۔ کاروباری و مالی معاملات میں کچھ ایسے بھی موقع آئیں گے کہ جب دوسرے لوگوں سے الگ تھلگ معاہدہ کرنا پڑے گا۔ کیریئر اور جاہ طلبی کے معاملات میں دوسرے لوگوں کی مداخلت ہو گی۔ ترقی اور تنخواہ الاؤنس سے متعلقہ معاملات کو آگے بڑھانے میں آسانی ہو گی۔ ایسے افراد جو کاروبار یا ملازمت میں بظاہر دوست ہیں مگر وہ آپ کے کاموں میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ ان پر اپنی گرفت مضبوط کریں۔ والدین سے متعلقہ صحت کے معاملات میں زائد اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ ہو سکتا ہے کہ ان کے لئے ہسپتال کے چکر لگانے پڑیں۔ دوستوں کے ساتھ نئی سرگرمیاں شروع کرنے کے لئے ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا ہو گا۔ تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ شراکت داری میں بھی معاملات بہتر رہیں گے۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد چوتھے گھر میں داخل ہو گا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران سیر و تفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے۔ یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہو گی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن و سکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دے گا۔ اختلافات اور ایسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہٰذا ان دنوں سیر و تفریح کریں، کسی شادی میں شریک ہو یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ یہ وقت خاص طور پر کاروباری سرمائے کو بہتر اسکیموں میں لگانے کے لئے ہے۔ اس میں کامیابی ملے گی۔ اپنے کام کو وسیع بنیادوں پر قائم کرنے اور قانونی مشورے حاصل کرنے کے لیے موافق رہے گا۔ قریبی افراد یا رشتہ داروں سے تعاون حاصل کر سکیں گے۔ گفت شنید سے اہم پیش رفت ہو گی۔ کامیابی کے راستے کھلے ملیں گے۔ اہم افراد آپ کے کاموں میں تعاون کریں گے۔ اپنی قسمت کو تبدیل کرنے کے لئے کوششیں کریں۔ مطالعہ کریں، یہ وقت روحانی علوم کی

طرف بھی راغبت دلائے گا۔

عطارد خانہ مال میں موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کرے گا۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام لوگوں کے تعاون و مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے۔ اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا۔ نئے لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے۔ ان کی باتیں اور خیالات سے لطف اندوز ہونگے۔ اظہار خیال میں وسعت پیدا ہو گی جس سے اپنی طرف متوجہ کر سکیں گے۔ عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ قریبی کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی۔ تاہم ۷، ۲۳، ۳۰ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

اس ماہ قوسی افراد دوستوں اور قریبی رشتہ داروں کے ساتھ معاملات میں غیر معمولی تبدیلی دیکھیں گے۔ نئے رشتے بنیں گے۔ بارسوخ افراد کو متاثر کرنا آپ کے لئے مشکل نہ ہوگا اور اگر اہم کاموں کو لے کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہوگا۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔ اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہو گا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے۔ یہ وقت مالی معاملات میں غیر معمولی ابتری لائے گا۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات کرائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ وسط ماہ کے بعد اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ خاص طور پر ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہو گی۔ دوستوں کے ذریعے اپنے کام اور کاروباری معاملات کو بہتر کر سکیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کی امیدیں اور توقعات سے بڑھ کر کام ہوں۔ بیرون ملک اگر کسی شخص کے ذریعے معلومات حاصل کر رہے ہیں تو جلد جواب ملنے کی توقع ہے۔ تاہم کوئی شخص جو کہ پرانا دوست ہو گا اچانک ملاقات ہو گی۔ اس نظر میں ایسے دوست بھی حلقے میں شامل ہونگے جو ہر ممکنہ طور پر مدد کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ تاہم یہ وقت محبت کا عنصر زندگی میں لائے گا۔ اہم بااثر افراد کا تعاون حاصل کرنے میں آسانی ملے گی۔ اپنی قابلیت بڑھانے کے لئے تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور جو کچھ ہو سکے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

عطارد طالع میں موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو خانہ مال میں داخل ہوگا۔ حالات کو بہتر بنانے کے لیے سرگرمیاں بڑھ جائیں گی۔ تحریری کام، نشر و اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات کو اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھا سکیں گے۔ اس ماہ آپ اپنے اندر خود تبدیلی محسوس کریں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ کن اقدام کریں۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں یاقوت سوچ کے ذریعے اعلیٰ تجزیئے کر سکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں سے کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ کاروباری گفت شنید، بینک سے قرضہ لینے کے معاملات ہوں یا انعامی اسکیموں میں شامل ہونا چاہتے ہیں تو یہ وقت کامیابی دے گی۔ قریبی شخص آپ کی زندگی میں اہم تبدیلی لائے گا اس کے تعاون سے آپ نمایاں کامیابی حاصل کریں گے۔ یہ وقت معاہدات میں کامیابی لاتا ہے۔ خوش کن تبدیلی آئے گی۔ قانونی امور میں مشورہ طلب کریں اور تحریری کاموں کو مکمل کرنے کی کوشش کریں۔ روحانی علوم کا مطالعہ اور رفاہ عامہ کے کاموں میں حصے لے کر ذہنی سکون حاصل کر سکیں گے۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک بارہویں گھر میں موجود رہے گا۔ کاروباری امور میں نئے افراد کا اضافہ ہوگا۔ قریبی لوگوں کی آفر اور نئی دلچسپیاں ذہن کو متاثر کریں گی۔ کچھ رکاوٹوں کی وجہ سے دشمنی بھی مہنگی پڑے گی۔ اپنے اہم کام کی طرف توجہ دیں، تعمیری امور اور مالی اخراجات کو قابو میں کرنا ہوگا۔ یاقوت فیصلے کے ذریعے ہی اپنے معاملات مکمل کر سکیں گے۔ اس ماہ روپے کا حصول آسان بنانا ہوگا تاہم فوری نوعیت کے فیصلے اخراجات میں

اضافہ کرسکتے ہیں۔قریبی شخص کی صحت میں پریشانی آسکتی ہے اور ہسپتال کے چکر بھی لگ سکتے ہیں۔ایسے قانونی معاملات جن میں مشکلات حائل ہو رہی ہیں مشورہ کے بغیر کوئی قدم نہ اٹھائیں۔ فلاحی امور کے کام اور ان کی سرگرمیوں کے لئے چندے کی وصولی میں آسانی ملے گی۔مریخ ۲'۶'۱۱' ۱۷'۲۲'۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۴'۱۹'۲۶ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں محتاط رہیں۔تلخ کلامی' جھگڑا اور حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

برج جدی۔ستارہ زحل

حروف:۔
ج۔خ۔گ



پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

اس ماہ سے بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا ۔آپ کی زندگی میں کئی لوگ شامل ہوں گے۔ کاروباری معاملات بہتری پیدا کریں گے۔فاضل وقت کی کسی سرگرمی کو نفع بخش طریقے سے استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی یہ ماہ کامیابی لائے گا۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا۔چنانچہ اس ماہ دوسروں کے تعاون سے اور ایک دوسرے پر اثر انداز ہو کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں' گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا۔ اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کرکے اور اپنے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ افراد جو سماجی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرانہ چاہئے۔ بلکہ آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ان تمام معاملات کے لئے ۲'۶'۱۱'۱۷'۲۲'۳۱ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔۴'۱۹'۲۶ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہو گی - اس وقت تعلقات بڑھانے کے لئے اہم موقع حاصل ہوں گے۔کام اور لین دین کے معاملات اس وقت بہتر رہیں گے۔نئے خیالات جنم لیں گے۔کاروباری معاملے میں اگر قرض لینا چاہتے ہیں یا کسی قانونی مسئلے کو حل کرنا چاہتا ہیں تو اس وقت جن لوگوں سے ملاقات کریں گے وہ آپکے لئے مددگار ثابت ہوں گے اور ہر طرح کا تعاون بھی ملے گا۔آپ کو اپنے اندر کی صلاحیتوں سے کام لینے کا فن آتا ہے۔لہذا رشتہ داری کے معاملات کو حل کرسکیں گے اور اپنی عزت و وقار کو بڑھا سکیں گے۔

عطارد ۱۲ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔اس کے بعد طالع میں آجائے گا۔ایسے معاملے جن کا تعلق خفیہ معاملات سے ہے اس ستارے کے سعد نظرات کے تحت اہم نوعیت کے انکشافات ہونگے۔ یا ایسی معلومات حاصل ہونگی جن سے موجودہ مسائل پر روشنی پڑے گی۔ عطارد توجہ مرکوز کرنے کی قوت کو بڑھا دے گا اور نئے و پرانے خیالات کو یکجا کرنے کی صلاحیت عطا کرے گا۔ وہ افراد جو تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور کوئی کورس کر رہے ہیں انہیں شاندار کامیابی حاصل ہوگی۔ ان معاملات کے لئے اس ماہ کی ۴'۹'۱۵'۲۱'۲۶ تاریخ مددگار ثابت ہوگی۔ تاہم عطارد ۷'۲۳'۳۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ان دنوں قریبی افراد آپ کے ساتھ تعاون نہیں کریں گے۔ چنانچہ اس وقت کچھ حاسدوں کی طرف سے کوئی افواہ گردش کرے گی۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں لیکن اب تک اس مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکے ہیں تو اب کامیابی کی امید ہے لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ حاصل ہونے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار رہیں۔ یہ ماہ سیر و تفریح اور آرام کے مواقع لائے گا۔لیکن وہ افراد جو زیادہ ہی مہم جو قسم کے ہیں ان کے لئے زائد خوشگوار ثابت ہوگا۔

۲۵ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ ذاتی یا کاروباری مشترکہ مالی معاملات پر مکمل کنٹرول حاصل کرسکیں گے۔ امکان ہے کہ اس وقت زندگی میں کوئی اہم قدم اٹھائیں گے یہ وقت مالی معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ہر معاملے کو نمٹانے کی حکمت عملی موجود ہوگی اور کوئی بھی رکاوٹ یا پابندی جس کا تعلق شاید گھر یا کیریئر کے معاملات سے ہوگا اب واضح ہو جائے گا اور اسے دور کرنا آسان ہوگا۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک طالع میں موجود رہے گا ۔اس کے بعد خانہ مال میں داخل ہوگا۔کاروبار اور ملازمت میں بہتری آئے گی۔ان دنوں جو بھی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا وہ ہر صورت میں مدد کرے گا۔ بلکہ اس کی وجہ سے سوچ اور خیالات میں تبدیلی محسوس کریں گے۔وہ افراد جو فنون لطیفہ' تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں۔انہیں موقع ملے گا تاہم لاپرواہی کی وجہ سے کام ہاتھ میں آتے ہوئے کسی دوسرے کے ہاتھ چلا جائے گا۔کچھ مالی اور گھریلو پریشانی کی وجہ سے اپنے کام پر توجہ نہ دے کر ذرا سی عدم توجہ ہی کام میں بگاڑ پیدا کرسکتی ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور کام کے ذریعے لوگوں میں اہمیت اختیار کر جانے کی کوشش کریں۔اس طرح ذرائع آمدن کے راستے نکالنے میں کامیاب رہیں گے۔ ذہنی سکون حاصل کرنے کے لئے سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں اور اپنے ماحول کو خوبصورت اور آرام دہ بنانے اور قیمتی اشیاء کی خریداری ذہنی سکون دے گی - زہرہ ۶'۱۱'۱۷'۲۲'۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

دیپالپور میں
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کیلئے
طاہر بک اسٹال نیوز پیپر ایجنٹ ہے۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:- س۔ش ث۔ص

پیدائش:- جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔اس ماہ کئی کام آپ کی توقع کے مطابق ہوجائیں گے۔

عطارد زائچے کے گیارہویں گھر میں رہنے کے بعد ۱۲ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ سماجی سرگرمیوں، کلب یا دیگر سوشل سرگرمیوں میں نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا۔خفیہ کام یا امداد سے خوشی حاصل ہوگی۔دوستوں کے ساتھ کاروباری شراکت فائدہ مند رہے گی۔سیر وتفریح یا سفر خوشی کا احساس اجاگر کرے گا۔دنیا کو جاننے اور سفر کے لیے بے چین ہونگے۔ اس کے علاوہ رشتہ داروں کے یہاں بھی زیادہ آنا جانا رہے گا۔دوستوں کے ساتھ ذہن کو وسعت دینے والے پروگرام میں شمولیت اختیار کریں۔ ہر وہ کام جس سے اپنی صلاحیتوں کو ابھار سکیں ان میں حصہ لیں۔تحریری کام، خط وکتابت اور رابطے سے حالات کو بہتر کریں۔ وہ افراد جن کی اپنی فلاحی تنظیمیں ہیں یا اپنے کلب ہیں اور لوگوں کا تعاون درکار ہوتا ہے۔اس سلسلے میں شوز، پارٹی یا دیگر تفریحی پروگرام میں لوگوں کو مدعو کرنا اور ان سے اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مدد حاصل کرنا آسان ہوگا۔عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔انعامی اسکیم میں جو روپیہ لگایا تھا اس کا منافع ملنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ آپ کی زندگی میں کسی شخص کی آمد قسمت میں تبدیلی لائے گی۔ دوسرے شخص کا روپیہ آپ کے اہم مقاصد کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ والدین کے ذریعے یا ان کی جائیداد کی منتقلی میں آسانی ملے گی۔اس ماہ زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ ہوسکتا ہے کہ شادی یا نسبت طے ہوجائے اولاد کی بہتری اور ان کے مستقبل کے تحفظ کے لئے زمین، مکان یا انعامی اسکیموں میں حصہ لے کر ہی خاطر خواہ فائدہ اٹھاسکیں گے۔ کاموں کو ترقی دینے اور کیریئر میں حصول مقاصد کے لئے جدوجہد مفید ثابت ہوگی۔ تعمیری کام یا خاندانی جائیداد کے امور میں بڑی عمر کے افراد مدد کریں گے۔ قانونی معاملات کے حل کے لئے بہتر مشورے ملیں گے۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔اس کے بعد طالع میں داخل ہوگا۔لہذا یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ اُن لوگوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنا سکیں گے، جو بزنس میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ غیر ضروری اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مالی اور کاروباری امور میں رکاوٹ آئیں گی۔ اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور ساتھ ہی صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت ایسا ہے کہ اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا یا کسی پرانے دوست سے ملیں گے۔ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ عملی طور پر اپنے کام میں بہتری لائیں گے۔ زہرہ ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۲۵ تاریخ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس وقت کیریئر کے معاملات، جاہ طلبی اور ملازمت کے حصول کی تمام کوششیں موافق ثابت ہونگی۔ اس وقت کی ملاقاتیں دورس نتائج دیں گی۔اس وقت کسی اہم پراجیکٹ میں شامل ہونے کا بھی اشارہ ہے۔ یہ وقت جائیداد، زمین کی خرید و فروخت کے لئے اہم ثابت ہوگی۔ قیمتی اشیاء، عورتوں سے متعلق اہم ضروریات کو اس وقت حاصل کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔اس وقت سرمایہ کاری یا قرضہ لینا بہتر رہے گا۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک وتد السماء پر رہے گا۔ اس ماہ مریخ اپنی طاقت ور پوزیشن پر ہوگا۔ کیریئر سے متعلق جو آفر ملے ضرور اس سے فائدہ اٹھائیں۔ چونکہ یہ مالی معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے لہذا آمدنی میں اضافے کا امکان ہے اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے تو یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستے تلاش کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔اس کے علاوہ معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ زیادہ خودمختاری کے خواہاں ہیں خاص طور پر کام کے معاملات میں زیادہ آزادی چاہتے ہیں تو اب کواکبی قوتیں آپ کی موافقت میں ہیں گذشتہ کچھ ماہ سے جو خیالات اور اسکیمیں زیر غور ہیں اب جلد ہی انہیں عملی جامہ پہنانے کا موقع مل جائے گا۔ مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۴، ۱۹، ۲۶ تاریخوں کو محتاط رہنا ہوگا۔ کسی قریبی شخص کے ساتھ تکرار یا حادثہ ہونے کا امکان ہے۔

اپنا زائچہ بنوایئے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ زائچہ پیدائش بنوانا کر رکھیں۔تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، اور مقام پیدائش لکھیں۔زائچہ میں دی گئی معلومات

۱۔ گھروں کے درجات معہ کواکب، برج درجہ ودقیقہ ۲۔ طول بلد اور ارض بلد ۳۔ عدد پیدائش، موافق پتھر

۴۔ ادوار کواکب

۵۔ عنصر اور ماہیت

۶۔ کواکب کے شرف، اوج، فرح، ہبوط، زوال، طرح، حضیض

۷۔ نظرات معہ برج اور کوکب کا درجہ و دقیقہ

انتہائی دلکش اور خوبصورت، ہر سطر واضح، لیزر پرنٹ۔ ہدیہ : =/۲۰۰۰ روپے

مینجر روحانی دنیا کراچی

برج حوت۔ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

ذاتی مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔اب اچانک تبدیلی نظر آئے گی۔اس ماہ اچانک بیرون ملک سے خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔جس کی مدد سے نئے کیریئر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ ۱۹ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا - اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بہت سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے ۔اس وقت زہرہ ان سرگرمیوں کی موافقت میں نہ ہوگا جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔اس رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔جن دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ان دنوں آپ کی زندگی میں جو واقعات رونما ہونگے وہ آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ محبت کے معاملات کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول اور اچھے تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔یا کسی جگہ ملاقات ہو گی۔ مندرجہ بالا تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی۔شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہوجائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہو گی کیونکہ اس ماہ زہرہ محبت کے ہارمونوں کو مزید مضبوط کرنے کی پوزیشن میں ہے۔وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۸ تاریخ کو شمس مشتری تسدیس اور زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی - اس دن کے نزدیک شریک زندگی کے ساتھ یا خاندان میں کسی تقریب میں شرکت کے لئے دور دراز کا سفر کریں گے اور خوشیاں بھی حاصل کریں گے۔ کسی شخص کی قربت آپ کو بے سکون کردے گی۔زندگی میں کسی شخص کی آمد سے سوچ اور خیالات میں تبدیلی دیکھنے میں آئے گی۔یہ وقت شادی یا نسبت طے کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔اپنی ملازمت کے متعلق ترقی کے امور یا تبادلہ کے کام کے سلسلے میں پیش رفت کی کوششیں بہتر رہیں گی۔بیرون ملک تعلیم کی غرض سے سفر کرنا یا کسی کمپنی میں سرمایہ کاری کے لئے کوشش اور معلومات حاصل کرنے میں آسانی ملے گی اور سفر خوشگوار رہے گا۔

عطارد وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۱۲ تاریخ کو گیارہویں گھر میں آجائے گا۔ ہر قسم کے رابطے، گفت شنید، دوستوں کے درمیان ملاقاتیں اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے پروگرام بنائیں۔یہ وقت تحریری کام، لکھنے لکھانے اور پبلشنگ کے کام میں تعاون ہوگا اور دوسرے کی تعاون سے کام کو بہتر طور پر انجام دے سکیں گے۔ان دنوں جو سفر ہوگا وہ خوش گوار ہوگا اور ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی۔جو معلومات کا نیا ذریعہ ثابت ہونگے۔تاہم صحت کے معاملات اور غیر ضروری ذہنی ٹینشن سے اعصابی و ذہنی بیماری ہوسکتی ہے۔ایسے خیالات سے دور رہنا ہوگا جو ایسے غیر ضروری کاموں سے دور رہیں جس سے ذہنی وجسمانی قوتوں میں کمی آئے گی۔عطارد ۴، ۹، ۱۵، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۲۵ تاریخ کو عطارد ومشتری کی تسدیس ہو گی۔یہ ایسا وقت ہے کہ جب کسی کی آمد یا خط خوشی کا باعث بنے گی۔کوئی ایسا شخص آپ کی زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کو ترقی کرنے میں مدد دے گا یا مالی طور پر فائدہ دے گا۔اس وقت اگر کسی انعامی اسکیم یا کسی لاٹری میں حصہ لے رہے ہیں تو اس وقت کی سرمایہ کاری بہتر منافع دے گی۔کسی کے ساتھ لمبی مدت کی سرمایہ کاری میں شامل ہونا چاہتے ہیں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

مریخ ۲۷ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا- یہ آپ کے کاروباری سفر یا قانونی اور آفیشل کاموں میں تیزی لائے گا۔اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے۔اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کررہے ہیں اپنی باقوت صلاحیتوں سے فیصلہ کن قدم اٹھایا تو کامیابی حاصل ہوگی۔تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔تعمیری کام، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کام میں غیر ضروری التواء اور پریشانی تھی اب وہ ختم ہو جائے گی - مریخ ۲، ۶، ۱۱، ۱۷، ۲۲، ۳۱ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ان دنوں اپنے اہم کاموں کو آگے بڑھائیں۔قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔تاہم ۴، ۱۹، ۲۶ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کرکے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ امراض کا علاج بتانا۔ پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے۔اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں۔ اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کرکے ہمزاد قابو میں کیا جاسکتا ہے۔

(قیمت =/۱۵۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

ماہ جنوری کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم و کواکبی گائیڈ ر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۱۰ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ ۲۱ تاریخ کو برج دلو میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۱ درجہ برج دلو پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۱۷ درجہ برج قوس پر ہوگا۔ ۱۲ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۹ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۸ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ ۱۹ تاریخ کو برج دلو میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۶ درجہ برج دلو پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۱۴ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ ۲۷ تاریخ کو برج قوس میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲ درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۱۶ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۱ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ایک درجہ برج جدی پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۴ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲۴ درجہ برج حمل پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۳ تاریخ کو مستقیم ہوگا پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۴ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۱ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۲ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۱۸ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۹ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۱۶ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۱۵ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

۲ کو یورنس مستقیم، ۹ کو حضیض شمس، ۱۰ کو قمر در عقرب، ۱۱ کو عطارد در جدی، ۱۸ کو زہرہ در دلو، نیا چاند ☾، ۱۹ کو یکم جمادی الاوّل ۱۴۳۹ھ، ۲۰ کو شمس در دلو ♒، ۲۴ کو شرف قمر، ۲۶ کو مریخ در قوس، ۳۱ کو عطارد در دلو، چاند گرہن ☽ ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ جنوری ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت ورہنمائی
				(پیر ۱ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۴:۳۷	D*♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۱۵:۲۵	D☌♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو جائیگا۔
				(منگل ۲ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۲۷	D☌♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
ن	۷:۲۳	D☌☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
س	۷:۵۲	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
س	۱۲:۴۰	D△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۱۴:۴۵	☉*♆	شمس تسدیس نپ چون	دوستوں کے ساتھ سیر وتفریح کے لئے بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں اور جدت پسندی کو بڑھانے کا وقت۔
س	۱۶:۰۶	D△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
ن	۱۸:۴۲	D☌♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
				(بدھ ۳ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۴۵	D□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۱۷:۴۷	♀*♆	زہرہ تسدیس نپ چون	فنون لطیفہ وانجینئرنگ کے معاملات میں مل کر پراجیکٹ پر کام کریں تو بے مثال کامیابی حاصل ہوگی۔
				(جمعرات ۴ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۱۴:۳۳	D□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
ن	۱۶:۳۳	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۲۳:۵۱	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
				(جمعہ ۵ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۴:۰۹	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۱۶:۲۴	D△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
				(ہفتہ ۶ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۹:۳۶	D☌♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۱۵:۲۲	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔ خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں۔
س	۱۶:۳۹	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
س	۱۹:۲۱	D*♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۱۹:۴۳	D*♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
س	۲۱:۳۹	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(اتوار ۷ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۴:۳۷	☿△♅	عطارد تثلیث یورنس	نئے لوگوں سے واسطہ پڑے گا ذہنی اور جسمانی طور پر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا بہتر وقت۔
م	۵:۳۸	♂☌♃	مریخ قران مشتری	اہم معاملات طے ہونگے' مالی فائدہ ہوگا' دوست مکر جائیں گے' دشمن ساتھ دیں گے۔
ن	۷:۵۰	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔

ن	۲۱:۰۸	☽□♄	قمر تربیع زحل
			قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
			(پیر ۸ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۱۷:۰۶	☉✶♃	شمس تسدیس مشتری
			کسی بڑے معاہدے پر کام ملنے کی توقع ہے۔کسی بھی موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دیں۔
س	۲۱:۱۲	♀✶♃	زہرہ تسدیس مشتری
			اہم معاہدات اور فیصلے کے لئے سعد وقت' شادی بیاہ سے متعلقہ معاملات کو طے کرنے کا موافق وقت۔
			(منگل ۹ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۵۱	♂✶♇	مریخ تسدیس پلوٹو
			خاندانی رسم ورواج اس وقت پریشانی کا باعث بنیں گے' کسی شخص کے ساتھ ازسرنو تعلق تمام معاملات کو ختم کردیگا۔
ن	۳:۱۴	☽□♀	قمر تربیع زہرہ
			تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۳:۲۴	☽□☉	قمر تربیع شمس
			اہم کاموں کیلئے فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
م	۴:۱۶	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو
			قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
م	۱۲:۰۱	♀☌☉	زہرہ قران شمس
			ازسرنو کوئی قریبی تعلق دوبارہ قائم ہوگا' خاندانی رابطے کسی معاملے کو حل کردیں گے۔
م	۱۳:۵۹	♀☌♇	زہرہ قران پلوٹو
			نئے شوق وفیشن کی خواہش ہوگی۔خوشی ملے گی' پرانا دوست آئے گا۔نیا تعلق عزت بڑھائے گا۔
م	۱۴:۲۸	☉☌♇	شمس قران پلوٹو
			خاندانی رسم ورواج میں تبدیلی آئے گی' اخلاق اور رویہ بھولتے جائیں گے۔
ن	۱۴:۴۴	☽☍♅	قمر مقابلہ یورنس
			ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۲۱:۱۲	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد
			عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
			(بدھ ۱۰ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۲:۰۷	♀✶♂	زہرہ تسدیس مریخ
			دوستی کی نئی بنیاد ڈلے گی' کاروباری معاملات اور شادی ونسبت کے لئے موثر وقت۔
س	۵:۴۶	☽✶♄	قمر تسدیس زحل
			رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۱۰:۳۶	☉✶♂	شمس تسدیس مریخ
			یہ وقت اہم مالی وکاروباری معاملات کے لئے سودمند ثابت ہوگا۔
			(جمعرات ۱۱ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۳۹	☽△♆	قمر تثلیث نپ چون
			اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
م	۱۳:۲۰	☽☌♃	قمر قران مشتری
			جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
س	۱۴:۲۴	☽☌♇	قمر تسدیس پلوٹو
			اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
س	۱۷:۳۳	☽☌♂	قمر قران مریخ
			اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
س	۱۸:۴۰	☽✶☉	قمر تسدیس شمس
			گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
س	۱۹:۵۲	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ
			عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
			(جمعہ ۱۲ جنوری ۲۰۱۸ء)
			(اس دن کوئی نظر نہیں ہے)
			(ہفتہ ۱۳ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۱۲:۰۲	☿☌♄	عطارد قران زحل
			عملی اور دانشمندی کے راستے سے ہی کامیابی حاصل کریں گے۔
ن	۱۲:۳۸	☽□♆	قمر تربیع نپ چون
			کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
			(اتوار ۱۴ جنوری ۲۰۱۸ء)
م	۰۰:۰۷	♀☌♅	زہرہ تربیع یورنس
			اہم تعلق میں خرابی آئے گی' دوستی ختم ہوگی۔
س	۱۳:۴۷	☽△♅	قمر تثلیث یورنس
			اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
			(پیر ۱۵ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۴۳	☉□♅	شمس تربیع یورنس
			سیاسی حکمت عملی سے کام لیں' گھر میں کئی اہم تبدیلیوں کی نشاندہی ہورہی ہے' کچھ افراد الگ ہوجائیں گے۔
م	۶:۴۸	☽☌♄	قمر قران زحل
			اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔

م	۱۲:۰۲	D ☌ ☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں، تحریر و تقریر کے لئے موافق۔
				(منگل ۱۶ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۱:۳۸	D ✶ ♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۸:۳۳	♃ △ ♇	مشتری تسدیس پلوٹو	معاہدات اور مشترکہ منصوبہ بندی کے لیے بہتر، معدنیات کی تلاش کے لیے موثر۔
م	۱۵:۵۳	D ☌ ♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
س	۱۵:۵۷	D ✶ ♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
				(بدھ ۱۷ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۶	D ✶ ♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۲:۴۳	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
م	۷:۱۶	D ☌ ☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر، خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
م	۱۱:۲۹	D ☌ ♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے، امیدیں پوری ہو سکتی ہیں۔
				(جمعرات ۱۸ جنوری ۲۰۱۸ء)
				(اس دن کوئی نظر نہیں ہے)
				(جمعہ ۱۹ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۵۹	D □ ♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
س	۱۴:۵۶	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۱۶:۵۱	D □ ♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار، دباؤ لاتا ہے، اچانک کسی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے، دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
				(ہفتہ ۲۰ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۶:۱۳	☿ ✶ ♆	عطارد تسدیس نپ چون	رجحان اور خیالات منفی ارادے لا سکتے ہیں، کچھ لوگوں کی باتیں ذہن میں پرورش پائیں گی۔
س	۸:۲۷	D ✶ ♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی، دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
				(اتوار ۲۱ جنوری ۲۰۱۸ء)
م	۱:۴۵	D ☌ ♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
س	۴:۱۹	D ✶ ☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
س	۱۵:۲۱	D ✶ ♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں، مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا، نئی سمت نظر آئے گی۔
س	۱۶:۲۴	D △ ♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں، جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
				(پیر ۲۲ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۶:۱۲	D △ ♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۱۵:۵۴	D ✶ ☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۱۸:۴۰	D □ ♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۲۲:۲۷	D ✶ ♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے، تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
				(منگل ۲۳ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۲۰:۲۸	D □ ☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
ن	۲۳:۴۶	D □ ♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے، کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(بدھ ۲۴ جنوری ۲۰۱۸ء)
م	۹:۱۵	D ☌ ♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی، ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔

				(جمعرات ۲۵ دسمبر ۲۰۱۸ء)
م	۱:۴۶	☿☌♇	عطارد قران پلوٹو	زندگی میں اطراف اور نئے رجحانات سے واسطہ پڑے گا' لوگوں کے نئے رسم ورواج دیکھنے کو ملیں گے۔
س	۱:۵۵	D△♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
ن	۳:۱۹	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے۔
ن	۱۰:۳۴	D□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
س	۱۶:۲۷	☿*♃	عطارد تسدیس مشتری	اہم کاروباری معاہدہ' قرضے کے حصول کے لئے ملاقات' انکم ٹیکس اور انشورنس کے معاملات کے لئے بہتر۔
س	۱۶:۴۹	D*♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
				(جمعہ ۲۶ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۵:۰۰	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۶:۴۰	D□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے' ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۸:۱۶	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
ن	۲۲:۵۱	D☌♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر ومشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
				(ہفتہ ۲۷ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۱۰:۴۴	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
س	۱۸:۳۰	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت' سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
ن	۱۹:۴۱	D□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
				(اتوار ۲۸ جنوری ۲۰۱۸ء)
م	۱۲:۰۷	☿□♅	عطارد تربیع یورنس	اس وقت مقابلے کا رجحان ہوگا' حسد اور بغض آپ کی سوچ کو مفلوج کر سکتی ہے۔
س	۱۵:۳۸	D*♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
				(پیر ۲۹ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۱۴	D☌♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو جائیگا۔
س	۲۰:۱۹	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
				(منگل ۳۰ جنوری ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۳۳	D☌♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
س	۹:۳۷	D△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
ن	۱۵:۴۵	D□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی' مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
ن	۲۱:۳۹	D☌☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
				(بدھ ۳۱ جنوری ۲۰۱۸ء)
س	۴:۱۲	D△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
ن	۱۸:۲۶	D☌☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔

رسالہ' کتب' منازل قمر' قمر بروج میں' عملیات کے اوقات اور بہت کچھ اب
آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں
www.ruhanidunya.com

ایک موثر دن

۲۶ فروری کو سورج گرہن ہے- عطارد دلو میں داخل ہوگا- جو زحل کا گھر ہے اور زہرہ کو وبال ہے اس دن کے بعد رات کو ساعت عطارد میں عقود کے عمل بہت کامیاب رہیں گے اور فوری تاثیر پیدا ہوگی-

(۱) برگشتہ نہ ہو

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

(۲) خلاف نہ سوچے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَعْقِلُوْنَ

(۳) خلاف نہ کہے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَتَكَلَّمُوْنَ

(۴) نظر بد سے نہ دیکھے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

یہ چار مقاصد ہیں لیکن ان کا دائرہ کار بہت وسیع ہے- یہ عمل ان لوگوں کو کام دے گا جو دوسروں کی ریشہ دوانیوں کے باعث تکلیف میں مبتلا ہوں- مثلاً کوئی شخص لوگوں میں خلاف توقع باتیں کر کے بے عزت کر رہا ہو یا افسروں کے خلاف کہتا رہتا ہو- جس سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہو تو نمبر۳ کا عمل کریں یا نقصان پہنچانے کے لئے غلط اسکیمیں سوچتا ہو- مقدمہ بازی کے اقدام کر رہا ہو یا کسی معاملہ میں ماخوذ کرنے یا کسی نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو نمبر۳ والا عمل کریں اور اگر کوئی منہ پر برا بھلا کہتا رہتا ہو نقص نکالتا رہتا ہو- تضحیک کرتا ہو تو نمبر۴ والا عمل کریں اور اگر کوئی چاہے کہ کوئی اپنی حرکتوں سے باز آجائے اور پھر اس کی طرف رجوع کرلے- دوستی کرلے تو عمل نمبر ایک کریں-

طریقہ یہ ہے کہ ایک سطر مطلب کی لکھیں اور دوسری سطر میں آیت لکھیں- ان دونوں کو امتزاج دیں اور حروف گنیں اگر طاق ہوں تو تین یا پانچ کے کلمات بنائے- اگر جفت ہو تو چار چار کے کلمات بنا کر ان کو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنالیں- دو تعویز تیلد کریں- ایک کو اپنے بازو پر باندھیں دوسرے کو اس شخص کے گھر یا دروازے یا گزرگاہ میں دفن کردیں- جس سے شکایت ہے- انشاء اللہ وہ ساری زندگی خلاف جانے کی جرات نہ کرسکے گا-

لوح مشتری

اسباب و مال وحصول مال و دولت و کشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے- ہر شخص کو تو زندگی کی عام اور مالی سعادتیں دیتا ہے- کاروبار میں منافع لاتا ہے- مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے- یہ مالی امور میں خوش بختی کو اسطرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو- اس کو پہن کر تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے پہنے رہئے انشاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لئے جو اسباب بھی کریں گے- ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا کرے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی-

وقت خراب ہے- زمانہ چلتے چلتے ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں مالی تباہیاں جلد تر آتی ہیں- جہاں روزانہ مہنگائی کے ذریعہ جو کمایا ختم ہوجاتا ہے- ملازمتوں کا اندیشہ رہتا ہے- کاروبار کی بندش ہوجاتی ہے- اس وقت جو چیز کام دیتی ہے وہ صرف پیسہ ہے فالتو روپیہ! تاکہ اپنی عزت اور وقار کو دوسروں کی نظر میں قائم رکھا جاسکے- قدرت کی طرف سے بھی مواقع کم ہی رکھے گئے ہیں- انسانی امداد کے لئے ۱۲ سال بعد وقت آتا ہے مشتری کو کب مال و دولت گردانا گیا ہے اس لئے علمائے جفر اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے ہیں-

دفتر سے منگوانے کے لیے نام معہ والدہ اور ہدیہ منی آڈر کریں- خاص بات معلوم کرنی ہو تو- صبح ۱۱ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک فون کریں

کال کریں 0333-7202964 رسالہ روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

حضرت کاشف البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات، اسماء، موکلات، دعوات	قیمت : ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح، علم تکسیر، علم الاعداد	قیمت : ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی، اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت : ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت : ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال، اسماء، عزیمتیں، طلسم	قیمت : ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر، شرفات کواکب، اسمائے الٰہی، جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت : ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات، نظریات نام کے اعداد سے قسمت، غیبی نمبر	قیمت : ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت : ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت : ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات، برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت : ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت : ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت : ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت : ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات، مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت : ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ، کردار، شادی، روپیہ، تعلیم، پیشہ	قیمت : ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت : ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت : ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت : ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش، تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت : ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت : ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت : ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں، ہر شخص کے حالات، گرہن، سفر، سعد و نحس اوقات، کلینڈر	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کوا کبی گائیڈ	سرمایہ کاری، قمر سے متعلقہ کام، نظرات، ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت : ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت : ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کوا کبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کوا کبی رفتاریں، گرھن، رجعت و استقامت، اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت : ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کوا کبی کلینڈر	کواکب کی معلومات، نظرات، ستاروں کی رفتاریں، گرہن، منازل قمر، کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت : ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت : ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاشف البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت : ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا، پی آئی بی کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا

برنی اٹلس آف پاکستان

- پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروگاؤں کے نام
- شہر کا طول بلد اور عرض بلد۔
- ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
- منطقہ وقت
- گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
- کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں

دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق

تحریر و ترتیب: حارث عثمانی

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

پتھروں کا سحر

آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے

درجہ اول، درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی

پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2018 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں



استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

2018

دفتر سے برنی تقویم حاصل کریں یا قریبی ہاکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- /۲۰۰ + ڈاک خرچ + منی آڈر فیس = ۵۰+۷۵ =- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944, 32018699
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰